


بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

**In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful**

# Tafheemul Quran

## An Introduction to the understanding of AlQuran

***Tafheemul Quran*** **is the most prominent exegesis,** ***tafseer*** **and explanation of the Quran by Syed Abul Aala Maududi.** ***Tafheemul Quran*** **was originally written in Urdu. The English rendering of the Urdu meanings of the Arabic Quran was first done by Muhammad Akbar Muradpuri and Abdul Aziz Kamal. The explanatory portion which is the** ***Tafseer*** **of the Quran was translated from Urdu into English by Muhammad Akbar Muradpuri. The Introduction of the** ***Tafseer*** **written by Syed Abul Aala**

Maududi in Urdu was translated in English by Zafar Ishaq Ansari. The complete *Tafheemul Quran* is a combination of both, the translation of the Quran and the *Tafseer*.

تفہیم القرآن مولانا سید ابولاعلیٰ مودودی صاحب کی تفسیر اور تشریح قرآن کی مشہور زمانہ کتاب ہے جو کہ اردو زبان میں تحریر کی گئی تھی۔ اردو تفسیر کا انگریزی زبان میں ترجمہ محمد اکبر مراد پوری صاحب اور عبدالعزیز کمال صاحب نے کیا ہے۔ مقدمہ کا اردو سے انگریزی ترجمہ ظفر اسحٰق انصاری صاحب کا ہے۔

## The following steps have been taken to present Tafheemul Quran in a new and enhanced format

## تفہیم القرآن کو موجودہ بہتر نئی شکل میں پیش کرنے کے لئے مندرجہ ذیل اقدامات کئے گئے ہیں

* The image-based *Tafheemul Quran* has been transformed into text-based high resolution graphic English, Arabic and Urdu font document. The resulting optimization also allows electronic portability across Computers, Smart Phones and Electronic Book Readers.

مکمل تفہیم القرآن کو جدید software کی مدد سے عمدہ کوالیٹی عربی، انگلش، اور اردو، رسم الخط {fonts} میں تبدیل کیا گیا ہے۔ اب تفہیم کو بغیر کسی دقت کے کمپیوٹرز، اسمارٹ فونز اور الیکٹرونک بک ریڈرز پر منتقل کیا جاسکتا ہے۔

This is an effort of formatting in Color-Coding of Arabic Text with corresponding English and Urdu Text translations for easy understanding the meanings of AlQuran. The purpose is not to decorate and beautify the words by coloring them.

The effort is to provide in contemporary English and Urdu translations of the Quran juxtaposed to the Arabic text. It is meant to aid readers whose language is not Arabic but who intend to understand Quran in Arabic. For those who can

**read and understand Urdu, it would be very easy for them to learn and understand the Arabic as Urdu language is rich with Quranic Arabic vocabulary. Present day Urdu speaking communities are very well educated in English also. For all such Muslims, the Arabic-English-Urdu Color Coded Quran would be an asset towards learning the Book of Allah along with English and Urdu of the tafseer of Tafheenul Quran.**

**Blue and red colors are alternately used for Arabic words and the corresponding English and Urdu words. Green color in the English and Urdu translations is used for comments or other words which are implied and not explicit in the Arabic Quran. Translators often use them to bring-out the meaning implicit in the Arabic Text.**

عربی سے انگلش اور اردو ترجموں کے معنوں کو آسانی سے سمجھانے کے لئے مکمل قران کی کلر کوڈنگ کی گئی ہے۔ مقصد الفاظ کو رنگوں کی سجاوٹ دینا نہیں ہے۔ کوشش کی گئی ہے کہ موجودہ زمانے اور جدید علاقوں میں بولے اور لکھے جانے والے اردو اور انگلش الفاظ ایکدوسرے کے سامنے کلر کوڈنگ میں استعمال کئے جائیں۔ اس سے قران کے اُن پڑھنے والوں کی خدمت کرنا مقصود ہے جنکی زبان عربی نہیں ہے مگر وہ سنجیدگی سے قران سمجھنا چاہتے ہیں۔ وہ حضرات جو اردو بولنا پڑھنا اور سمجھنا جانتے ہیں ان کے لئے قران سمجھنا بہت آسان ہے اس لئے کہ اردو زبان میں کثرت سے عربی کے الفاظ رائج ہیں۔ موجودہ زمانے کے اردو بولنے والے تعلیم یافتہ لوگ انگلش زبان سے بھي بخوبی واقف ہیں۔ ایسے حضرات کے لئے عربی انگلش اردو کلر کوڈنگ کی مدد سے قران کے معنے سیکھنا اور تفہیم القران کی تفسیر کی مدد سے قران سمجھنا ایک نعمت سے کم نہیں ہوگا۔

نیلے اور سرخ رنگ، لفظ بلفظ عربی انگلش اور اردو کے ترجمے کی کلرنگ کے لئے استعمال کئے گئے ہیں۔ ترجمے میں ہرے رنگ کا استعمال انفرادی الفاظ کی مزید تشریح کے لئے ہے۔

*** The Arabic text of the entire Quran has been replaced by**

high resolution font based *Nastaleeq* Script. Arabic text has also been verified for accuracy.

مکمل قرآن کی عربی تحریر کو عمدہ کوالیٹی نستعلیق رسم الخط میں لکھا گیا ہے۔ یہ انڈوپاک فونٹ بھی کہلاتا ہے۔ نئی عربی کی بہت احتیاط کے ساتھ proof reading کی گئی ہے۔

* In the last decade of 20th century, the hard copy of *Tafheemul Quran* was transformed into editable soft copy text using OCR (Optical Character Recognition Hardware/Software). However, in those days the OCR being primitive, introduced a fairly large number of inaccuracies in the spellings, grammar and punctuation. In many places the words were changed to the extent that the entire sentences did not make any sense. Later on, when Internet became widely available, many Islamic Web sites copied these English and Urdu parts of the *Tafheemul Quran*, added poor quality scanned Arabic and made it available to the readers on line. No effort was made towards any correction. As a result, *Tafheemul Quran* available on almost all the web sites is full of errors.

* A major effort has been done here. The entire *Tafheemul Quran* has been reviewed. All spelling, grammar, and punctuation errors have been corrected. Where necessary, vocabulary and words has been replaced to contemporary English and Urdu. We hope this brings the entire *Tafheemul Quran* close to an error free document.

اکثر تفہیم جو اسوقت اردو اور انگلش میں انٹرنیٹ پر ہیں غلطیوں سے بھری ہوئی ہیں۔ مختلف لوگوں اور جماعتوں نے scan کرکے یا ایکدوسرے سے کاپی کرکے ویب سائٹس پر ڈالی ہوئی ہیں۔ یہ غلطیاں کاغذی کتاب کے scan یا OCR کی مدد سے تحریری الفاظ کو کمپیوٹر کے فونٹس میں transform کرتے وقت کثرت

سے شامل ہوجاتی ہیں۔کسی نے الفاظ جملے اور گرامر کی تحریری غلطیاں درست کرنے کی کوشش نہیں کی ہے۔
ہم نے مکمل تفصیلی مطالعہ کرکے اردو اور انگلش کی تمام تحریری غلطیاں درست کی ہیں۔ اس کے علاوہ اردو
اور انگلش کے پرانے الفاظ جو اب استعمال میں نہیں ہیں انکو نئے **contemporary** الفاظ سے بدل
دیا گیا ہے تاکہ پڑھنے والے کو زبان کے لحاظ سے کوئی مشکل نہ پیش آئے۔

*** Syed Maududi's translation of the Quran from Arabic into Urdu was based on his unique approach which was not based: 'ayat by ayat'. He took the freedom of translating several ayats together based on a subject, topic or event. This approach, when later, translated from Urdu to English created opportunity for additional work in two areas. First, translating Quranic Arabic into Urdu and then Urdu into English caused loss of the exact Arabic meanings of several words in each Surah as they should have been understood in contemporary English. Second, subdividing the translation of multiple ayats into individual ayats caused a major misalignment of the meanings. An effort has been made to rectify this.**

**In order to rearrange and bring the closest Quranic Arabic meaning into contemporary English, the English translation of the Arabic Quran has been revised with the help of the following authentic translations. Extreme care has been exercised to ensure that the meanings that Syed Maududi had intended in his original work do not change.**

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب نے اپنے قران کے ترجمے میں لفظی ترجمہ نہیں کیا ہے بلکہ ایک مضمون
یا ایک پیراگراف یا رکوع کا اکھٹا ترجمہ کیا ہے ان کا مقصد قران کو اردو میں سمجھانا ہے نہ کہ عربی زبان کی تعلیم
دینا ہے۔ انگلش میں کیئے ہوئے ترجمے میں بھی یہی بات نظر آتی ہے۔جسکی وجہ سے عربی تحریر اور ترجمے
میں کوئی **alignment** نہیں ہے۔

ہم نے یہاں دونوں مقاصد کو زیر نظر رکھا ہے۔ کلر کوڈنگ اور تینوں زبانوں کے الفاظ کو ایکدوسرے کے سامنے لانے اور موجودہ مروجہ الفاظ کو ترجمے میں لانے کے لئے ایک تفصیلی کاوش کی گئی ہے۔ اس کام کے لئے مندرجہ ذیل قران کے مستند اردو اور انگلش ترجموں کی مددلی گئی ہے۔

**The following famous and authentic English translations of the Quran have been used as the foundation and reference for this work of English color coding:**

*** *The Meaning of the Glorious Quran*, An explanatory Translation (Revised) by Mohammad Marmaduke Pickthall.**

*** *The Glorious Quran*, Translation and Commentary by Allama Abdullah Yusuf Ali.**

*** *The Noble Quran in the English Language*. By Muhammad Taqi al-Din al-Hilali and Muhsin Khan.**

*** *The Quran: The First American Version*. By Thomas B. Irving (Taalim Ali).**

*** *The Quran with corresponding English Meaning*. Sahih International.**

**The following famous and authentic Urdu translations of the Quran have been used as the foundation and reference for this work of Urdu color coding:**

*** *Urdu translation of Quran* by Syed Abul Aala Maududi.**

*** *The Urdu Tarjuma of Quran*, Fateh Mohd Jalandhry.**

*** *The Urdu Tarjuma of Quran*, Syed Shabbir Ahmed.**

*** *The Urdu Tarjuma of Quran*, Hafiz Nazar Ahmed.**

*** *Maariful Quran*, Mufti Mohammad Shafi.**

*** *Urdu Translation of the Quran*, Shah Abdul Qadir.**

**While arranging words and formatting sentences for effective color coding, extreme care has been taken to keep the accurate meaning and the flow of the text intact. Work**

**has been checked multiple times including the Arabic text of the Colored Quran.**

بہت تفصیل اور احتیاط کے ساتھ اس بات کا اہتمام کیا گیا ہے کہ الفاظ کے معنے نہ بدلیں ۔ جملوں کی تشکیل اور روانی قائم کی جاسکے – عربی اور اس کے اردو اور انگلش معنے ایکدوسرے کے سامنے آسکیں اور صحیح کلر کوڈنگ کی جاسکے ۔

*** The PDF, in 114 Surahs files can be downloaded on Personal Computers, Smart Phones, and Electronic Book Readers and can be permanently stored without the need for reading on line via Internet. There are apps for iPhone/iPad and Android which are available free of cost.**

PDF تفہیم کو بغیر کسی دقت کے کمپیوٹرز، اسمارٹ فونز اور الیکٹرونک بک ریڈرز پر منتقل کیا جاسکتا ہے۔

*** There are no restrictions. This work is available free of cost. Web sites can copy and redistribute without seeking any permission.**

کوئی کاپی رائٹ نہیں ہے۔ نہ ہی کسی اجازت کی ضرورت ہے۔

اس کام کے لئے جن ذرائع کا استعمال کیا گیا ہے اس کی تفصیل یہ ہے۔

*** My sources of studies, references, and material collection for this work included Wikipedia, Department of Religious Studies, University of Southern California, Islamicnet and hard copy print (six volumes) of *Tafheemul Quran* translated in English by Muhammad Akbar Muradpuri and the original Urdu Tafheemul Quran.**

*** In the course of several years of effort of transforming and enhancing the *Tafheemul Quran* in the present format, I constantly received help, guidance and encouragement from several of my dear friends and acquaintances. I greatly appreciate Umar Ahmed for providing valuable**

**assistance in reviewing my work, Saeed Malik (Author of a very precious book, A perspective on the Signs of Al-Quran) for his advice on numerous topics, and Ilyas Choudhry for helping further elaborate the biological sciences related discussion by the author of *Tafheemul Quran* in the matters of human embryology.**

**My elder sister Noor Jahan Fazal has been a key supporter of this project. Her intense Quranic studies of various tafaseers and excellence in Urdu language and her proof reading has helped me in accomplishing various tasks of this work.**

تفہیم القرآن کو اس موجودہ شکل میں پیش کرنے کی کوشش میں کئی سال کا عرصہ درکار ہوا۔ اس دوران مجھے
اپنے دوستوں، عزیزوں اور واقف کاروں سے بہت تعاون اور ہمت افزائی حاصل ہوئی۔ میں اپنے دوستوں
میں عمر احمد صاحب کا شکر گذار ہوں جنھوں نے میرے کام کی پروف ریڈنگ کی۔ سعید ملک صاحب جو خود اپنی
کتاب **A perspective on the Signs of Al-Quran** لکھنے میں مصروف تھے
انہوں نے کئی مقامات پر اپنے مشوروں سے نوازا۔ الیاس چوہدری صاحب نے قران سے متعلق انسانی تخلیق
کے مراحل کو موجودہ سائنسی تحقیق کی روشنی میں مزید اجاگر کرنے میں مدد کی۔ میری ہمشیرہ نورجہاں فضل صاحبہ
اس پراجیکٹ کے سلسلے میں خاص معاون رہی ہیں۔ ان کا تفہیم اور دوسری کئی تفاسیر کا تفصیلی مطالعہ اور اردو
زبان پر عبور اس پراجیکٹ کو مزید بہتر طریقہ سے پیش کرنے میں بہت مددگار ثابت ہوا۔

* **It will be unfair if I do not express my appreciation to my wife Brenda, daughter Sabeena and son Javed. After my full time engineering job in the fast lanes of Silicon Valley, my evenings and weekends, while working on *Tafheemul Quran* and other Quranic related projects, have been mostly absent from their lives. A human being cannot pay back the sacrifices endured by others for a noble cause such**

**as this. May Allah reward them of their patience and understanding.**

میری جانب سے ناانصافی ہوگی اگر میں اپنی اہلیہ برنڈا خان، صاحبزادی صبینہ خان اور صاحبزادے جاوید خان کا احسان مند اور شکر گذار نہ ہو سکوں۔ کیلیفورنیا کے مصروف ترین ماحول میں میرے انجینئرنگ جوب کے ساتھ ساتھ تفہیم اور اس جیسے کئ اور قرانی پروجیکٹس پر کام کرنے کے دوران میری شامیں اور ہفتہ اتوار چھٹی کے دن فیملی پر کم توجہ دینے میں گذرے۔ صرف اللہ ہی سے اس کے اجر کی توقع کی جا سکتی ہے۔

## May *Allah Subhanuhu wa ta'ala* accept this effort

## اللہ سبحانہ تعالیٰ اس کوشش کو قبول فرمائے

**Hafiz Khan**
**March 2022**
**San Jose, California USA**
**Web Sites** www.quranpda.com
www.quranalmajid.com
www.quranguide.info
**Email** hafizkhan@sbcglobal.net

| | | |
|---|---|---|
| And indeed, We have made easy the Quran to understand. Then is there anyone who would take admonition. | اور بیشک آسان کر دیا ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے۔ تو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا۔ | وَلَقَدۡ يَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّكۡرِ فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۷﴾ (أَلۡقَمَر) |

# Tafheemul Quran
# An Introduction
# By
# Syed Abul Aala Maududi

**2.This is the Book, no doubt about which. A guidance for those conscious (of Allah).**
**3. Those who believe in the unseen, and establish prayer, and out of what We have provided for them, they spend.**
**4. And those who believe in that which has been revealed to you and that which was revealed before you, and of the Here- after they are certain.**
**5. Those are on guidance from their Lord. And those, they are the successful.**

یہ ہے الکتاب ۔نہیں کچھ شک اس میں ۔ ھدایت ہے تقویٰ رکھنے والوں کیلئے (اللہ کا)۔

وہ لوگ جو ایمان لاتے ہیں غیب پر اور قائم کرتے ہیں نمازاور اس میں سے جو رزق عطا فرمایا ہے ہم نے ان کو خرچ کرتے ہیں۔

اور وہ لوگ جو ایمان لاتے ہیں اس پر جو نازل کیا گیا تمہاری طرف اور جو نازل کیا گیا تم سے پہلے۔ اور آخرت پر وہ یقین رکھتے ہیں۔

وہی ہیں ہدایت پر اپنے رب کی طرف سے ۔اور وہی ہیں جو فلاح پانیوالے ہیں ۔

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ ﴿٢﴾
الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۙ ﴿٣﴾
وَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ؕ ﴿٤﴾
اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٥﴾

## Muqaddmah مقدمہ

**This introduction has been written with two objectives: First to acquaint the reader with certain matters which he should grasp at the very outset so as to achieve a more than superficial understanding of the Holy Book.**
**Second, to clarify those disturbing questions that commonly arise in the mind of the reader during the study of the Quran.**

مقدمہ تفہیمُ القرآن کے لکھنے کے پیشِ نظر دو مقاصد ہیں:

اوّل یہ کہ قرآن کا مطالعہ شروع کرنے سے پہلے ایک عام ناظر اُن باتوں سے اچھی طرح واقف ہو جائے جن کو ابتدا ہی میں سمجھ لینے سے فہم قرآن کی راہ آسان ہو جاتی ہے، ورنہ یہ باتیں دوران مطالعہ بار بار کھٹکتی ہیں اور بسا اوقات محض ان کو نہ سمجھنے کی وجہ سے آدمی برسوں تک معانی قرآن کی سطح ہی پر گھومتا رہتا ہے، گہرائی میں اترنے کا راستہ اسے نہیں ملتا۔

دوم یہ کہ ان سوالات کا جواب پہلے ہی دے دیا جائے جو قرآن کو سمجھنے کی کوشش کرتے وقت بالعموم لوگوں کے ذہن میں پیدا ہوا کرتے ہیں۔

## Unique Book یکتا کتاب

We are accustomed to reading books that present information, ideas and arguments systematically and coherently. So when we embark on the study of the Quran, we expect that this book too will revolve around a definite subject, that the subject matter of the book will be clearly defined at the beginning and will then be neatly divided into sections and chapters, after which discussion will proceed in a logical sequence. We likewise expect a separate and systematic arrangement of instruction and guidance for each of the various aspects of human life. However, as soon as we open the Quran, we encounter a hitherto completely unfamiliar genre of literature. We notice that it embodies precepts of belief and conduct, moral directives, legal prescriptions, exhortations and admonition, censure and condemnation of evildoers, warning to the deniers of the truth, good tidings and words of consolation and good cheer to those who have suffered for the sake of God, arguments

**and corroborative evidence in support of its basic message, allusions to anecdotes from the past and the signs of God visible in the universe. Moreover, these myriad subjects alternate without any apparent system; quite unlike the books to which we are accustomed. The Quran deals with the same subject over and over again, each time couched in a different phraseology.**

عام طور پر ہم جن کتابوں کے پڑھنے کے عادی ہیں، ان میں ایک متعین موضوع پر معلومات، خیالات اور دلائل کو ایک خاص تصنیفی ترتیب کے ساتھ مسلسل بیان کیا جاتا ہے۔ اسی بنا پر جب ایک ایسا شخص جو قرآن سے ابھی تک اجنبی رہا ہے، پہلی مرتبہ اس کتاب کے مطالعے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ یہ توقع لیے ہوئے آگے بڑھتا ہے کہ "کتاب" ہونے کی حیثیت سے اس میں بھی عام کتابوں کی طرح پہلے موضوع کا تعین ہوگا، پھر اصل مضمون کو ابواب اور فصول میں تقسیم کر کے ترتیب وار ایک ایک مسئلے پر بحث کی جائے گی، اور اسی طرح زندگی کے ایک ایک شعبے کو بھی الگ الگ لے کر اس کے متعلق احکام وہدایات سلسلہ وار درج ہوں گے۔ لیکن جب وہ کتاب کھول کر مطالعہ شروع کرتا ہے تو یہاں اسے اپنی توقع کے بالکل خلاف ایک دُوسرے ہی اندازِ بیان سے سابقہ پیش آتا ہے جس سے وہ اب تک بالکل ناآشنا تھا۔ یہاں وہ دیکھتا ہے کہ اعتقادی مسائل، اخلاقی ہدایات، شرعی احکام، دعوت، نصیحت، عبرت، تنقید، ملامت، تخویف، بشارت، تسلّی، دلائل، شواھد، تاریخی قصے، آثار کائنات کی طرف اشارے، بار بار ایک دوسرے کے بعد آرہے ہیں۔ ایک ہی مضمون مختلف طریقوں سے مختلف الفاظ میں دہرایا جارہاہے۔

**The reader also encounters abrupt transitions between one subject matter and another. Audience and speaker constantly change as the message is directed now to one and then to another group of people. There is no trace of the familiar divisions into chapters and sections. Likewise, the treatment of different subjects is unique. If an historical subject is raised, the narrative does not follow the pattern**

familiar in historical accounts. In the discussion of philosophical or metaphysical questions, we miss the familiar expressions and terminology of formal logic and philosophy. Cultural and political matters, or questions pertaining to man's social and economic life, are discussed in a way very different from that usual in work of social sciences. Juristic principles and legal injunctions are elucidated, but quite differently from the manner of conventional works. When we come across an ethical instruction, we find its form entirely differs from anything to be found elsewhere in the literature of ethics.

ایک مضمون کے بعد دوسرا اور دوسرے کے بعد تیسرا اچانک شروع ہو جاتا ہے، بلکہ ایک مضمون کے بیچ میں دوسرا مضمون یکایک آجاتا ہے۔ مخاطب اور متکلم بار بار بدلتے ہیں اور خطاب کا رخ رہ رہ کر مختلف سمتوں میں پھرتا ہے۔ بابوں اور فصلوں کی تقسیم کا کہیں نشان نہیں۔ تاریخ ہے تو تاریخ نگاری کے انداز میں نہیں۔ فلسفہ ومابعد الطبیعات ہیں تو منطق وفلسفہ کی زبان میں نہیں۔ انسان اور موجودات عالم کا ذکر ہے تو علوم طبیعی کے طریقے پر نہیں۔ تمدّن و سیاست اور معیشت ومعاشرت کی گفتگو ہے تو علوم عمران کے طرز پر نہیں۔ قانونی احکام اور اُصول قانون کا بیان ہے تو منصفوں کے ڈھنگ سے بالکل مختلف۔ اخلاق کی تعلیم ہے تو فلسفہ اخلاق کے سارے لٹریچر سے اس کا انداز جدا۔

The reader may find all this so foreign to his notion of what a book should be that he may become so confused as to feel that the Quran is a piece of disorganized, incoherent and unsystematic writing, comprising nothing but a disjointed conglomeration of comments of varying lengths put together arbitrarily. Hostile critics use this as a basis for their criticism, while those more favorably inclined resort to far-fetched explanations, or else conclude that the Quran

consists of unrelated pieces, thus making it amenable to all kinds of interpretations, even interpretations quite opposed to the intent of God Who revealed the Book.

یہ سب کچھ اپنے سابق کتابی تصوّر کے خلاف پاکر آدمی پریشان ہو جاتا ہے اور اسے یوں محسوس ہونے لگتا ہے کہ یہ ایک غیر مرتب، غیر مربوط، منتشر کلام ہے جو اوّل سے لے کر آخر تک بے شمار چھوٹے بڑے مختلف شذرات پر مشتمل ہے، مگر مسلسل عبارت کی شکل میں لکھ دیا گیا ہے۔ مخالفانہ نقطہ نظر سے دیکھنے والا اسی پر طرح طرح کے اعتراضات کی بنا رکھ دیتا ہے۔ اور موافقانہ نقطہ نظر رکھنے والا کبھی معنی کی طرف سے آنکھیں بند کر کے شکوک سے بچنے کی کوشش کرتا ہے، کبھی اس ظاہری بے ترتیبی کی تاویلیں کر کے اپنے دل کو سمجھا لیتا ہے، کبھی مصنوعی طریقے سے ربط تلاش کر کے عجیب عجیب نتائج نکالتا ہے، اور کبھی "نظریہ شذرات" کو قبول کر لیتا ہے جس کی وجہ سے ہر آیت اپنے سیاق وسباق سے الگ ہو کر ایسی معنیٰ آفرینیوں کی آماج گاہ بن جاتی ہے جو خدا کے منشاء کے خلاف ہوتی ہیں۔

What kind of book is the Quran? In what manner was it revealed? What underlies its arrangement? What is its subject? What is its true purpose? What is the central theme to which its multifarious topics are intrinsically related? What kind of reasoning and style does it adopt in elucidating its central theme? If we could obtain clear, lucid answers to these and other related questions, we might avoid some dangerous pitfalls, thus making it easier to reflect upon and to grasp the meaning and purpose of the Quranic verses.

قرآن کس قسم کی کتاب ہے؟ اسکے نزول کی کیفیت اور اس کی ترتیب کی نوعیت کیا ہے؟ اس کا موضوعِ گفتگو کیا ہے؟ اس کی ساری بحث کس مدّعا کے لیے ہے؟ کس مرکزی مضمون کے ساتھ اس کے یہ بے شمار مختلف النوع مضامین وابستہ ہیں؟ کیا طرزِ استدلال اور کیا طرزِ بیان اس نے اپنے مدّعا کے لیے اختیار کیا ہے؟ یہ

اور ایسے ہی دوسرے چند ضروری سوالات ہیں جن کا جواب صاف اور سیدھے طریقے سے اگر آدمی کو ابتدا ہی میں معلوم ہو جائے تو وہ بہت سے خطرات سے بچ سکتا ہے اور اس کے لیے فہم وتدبر کی راہیں کشادہ ہو سکتی ہیں۔

**If we begin studying the Quran in the expectation of reading a book on religion, we shall find it hard, since our notions of religion and of a book are naturally circumscribed by our range of experience. We need, therefore, to be told in advance that this Book is unique in the manner of its composition, in its theme and its contents and arrangement. We should be forewarned that the concept of a book that we have formed from our previous readings is likely to be a hindering, rather than a help, towards a deep understanding of the Quran. We should realize that as a first step towards understanding it we must divest our minds of all preconceived notions.**

جو شخص قرآن میں تصنیفی ترتیب تلاش کرتا ہے اور وہاں اسے نہ پاکر کتاب کے صفحات میں بھٹکنے لگتا ہے، اس کی پریشانی کی اصل وجہ یہی ہے کہ وہ مطالعہ قرآن کے ان مبادی سے ناواقف ہوتا ہے۔ وہ اس گمان کے ساتھ مطالعہ شروع کرتا ہے کہ وہ "مذہب کے موضوع پر ایک کتاب" پڑھنے چلا ہے۔ "مذہب کا موضوع" اور "کتاب"، ان دونوں کا تصوّر اس کے ذہن میں وہی ہوتا ہے جو بالعموم "مذہب" اور "کتاب" کے متعلق ذہنوں میں پایا جاتا ہے۔ مگر جب وہاں اسے اپنے ذہنی تصوّر سے بالکل ہی مختلف ایک چیز سے سابقہ پیش آتا ہے تو وہ اپنے آپ کو اس سے مانوس نہیں کر سکتا اور سر رشتہ مضمون ہاتھ نہ آنے کے باعث بین السطور یوں بھٹکنا شروع کر دیتا ہے جیسے وہ ایک اجنبی مسافر ہے جو کسی نئے شہر کی گلیوں میں کھو گیا ہے۔ اس گم گشتگی سے وہ بچ جائے اگر اسے پہلے ہی یہ بتا دیا جائے کہ تم جس کتاب کو پڑھنے جا رہے ہو وہ تمام دنیا کے لٹریچر میں اپنے طرز کی ایک ہی کتاب ہے، اس کی "تصنیف" دُنیا کی ساری کتابوں سے بالکل مختلف طور پر ہوئی ہے، اپنے موضوع اور مضمون اور ترتیب کے لحاظ سے بھی وہ ایک نرالی چیز ہے، لہٰذا

تمہارے ذہن کا وہ "کتابی" سانچہ جواب تک کی کتب بینی سے بنا ہے، اس کتاب کے سمجھنے میں تمہاری مدد نہ کرے گا بلکہ الٹا مزاحم ہوگا۔ اسے سمجھنا چاہتے ہو تو اپنے پہلے سے قائم کیے ہوئے قیاسات کو ذہن سے نکال کر اس کی عجیب خصوصیات سے شناسائی حاصل کرو۔

## Divine Guidance ھدایت اِلٰھیہ

The student of the Quran should grasp, from the outset, the fundamental claims that the Quran makes for itself. Whether one ultimately decides to believe in the Quran or not, one must recognize the fundamental statements made by the Quran and by the man to whom it was revealed, the Prophet Muhammad (peace be upon him) to be the starting point of one's study. These claims are:

اس سلسلے میں سب سے پہلے ناظر کو قرآن کی اصل سے واقف ہو جانا چاہیے۔ وہ خواہ اس پر ایمان لائے یا نہ لائے، مگر اس کتاب کو سمجھنے کے لیے اسے نقطہ آغاز کے طور پر اس کی وہی اصل قبول کرنی ہوگی جو خود اس نے اور اس کے پیش کرنے والے یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کی ہے۔ اور وہ یہ ہے:

(1) The Lord of creation, the Creator and Sovereign of the entire universe, created man on earth (which is merely a part of His boundless realm). He also endowed man with understanding, with the ability to distinguish between the good and evil, with the freedom of choice and volition, and with the power to exercise his latent potentialities. In short, God bestowed upon man a kind of autonomy and appointed him His vicegerent on earth.

۱۔ خداوند عالم نے جو ساری کائنات کا خالق اور مالک اور فرمانروا ہے، اپنی بے پایاں مملکت کے اس حصے میں جسے زمین کہتے ہیں، انسان کو پیدا کیا۔ اسے جاننے اور سوچنے اور سمجھنے کی قوتیں دیں۔ بھلائی اور برائی کی

تمیز دی۔ انتخاب اور ارادے کی آزادی عطا کی۔ تصرف کے اختیارات بخشے۔ اور فی الجملہ ایک طرح کی خود اختیاری Autonomy دے کر اسے زمین میں اپنا خلیفہ بنایا۔

**(2) Although man enjoys this status, God made it abundantly plain to him that He alone is man's Lord and Sovereign, even as He is the Lord and Sovereign of the whole universe. Man was told that he was not entitled to consider himself independent and that only God entitled to claim absolute obedience, service and worship. It was also made clear to man that life in this world, for which he has been placed and invested with a certain honor and authority, was in fact a temporary term, and was meant to test him; that after the end of this earthly life man must return to God, Who will judge him on the basis of his performance, declaring who has succeeded and who has failed. The right way for man is to regard God as his only Sovereign and the only object of his worship and adoration, to follow the guidance revealed by God, to act in this world with the consciousness that earthly life is merely a period of trial, and to keep his eyes fixed on the ultimate objective, a success in God's final judgment. Every other way is wrong. It was also explained to man that if he chose to adopt the right way of life and in this choice he was free, he would enjoy peace and contentment in this world and be assigned, on his return to God, the Abode of eternal bliss and happiness known as Paradise. Should man follow any other way, although he was free to do so, he would experience the evil effects of corruption and disorder in the life of this world and be consigned to eternal grief and torment when he crossed the borders of the present world and arrived in**

the Hereafter.

۲۔ اس منصب پر انسان کو مقرر کرتے وقت خداوندِ عالم نے اچھی طرح اس کے کان کھول کر یہ بات اس کے ذہن نشین کر دی تھی کہ تمہارا اور تمام جہان کا مالک معبود اور حاکم میں ہوں۔ میری اس سلطنت میں نہ تم خود مختار ہو نہ کسی دوسرے کے بندے ہو اور نہ میرے سوا کوئی تمہاری اطاعت و بندگی اور پرستش کا مستحق ہے۔ دنیا کی زندگی جس میں تمہیں اختیارات دے کر بھیجا جا رہا ہے دراصل تمہارے لیے ایک امتحان کی مدّت ہے جس کے بعد تمہیں میرے پاس واپس آنا ہوگا اور میں تمہارے کام کی جانچ کر کے فیصلہ کروں گا کہ تم میں سے کون امتحان میں کامیاب رہا ہے اور کون ناکام۔ تمہارے لیے صحیح رویہ یہ ہے کہ مجھے اپنا واحد معبود اور حاکم تسلیم کرو۔ جو ہدایت میں بھیجوں اس کے مطابق دنیا میں کام کرو اور دنیا کو دارالامتحان سمجھتے ہوئے اس شعور کے ساتھ زندگی بسر کرو کہ تمہارا اصل مقصد میرے آخری فیصلے میں کامیاب ہونا ہے۔ اس کے برعکس تمہارے لیے ہر وہ رویہ غلط ہے جو اس سے مختلف ہو۔ اگر پہلا رویہ اختیار کرو گے جسے اختیار کرنے کے لیے تم آزاد ہو تو تمہیں دنیا میں اطمینان حاصل ہوگا اور جب میرے پاس پلٹ کر آؤ گے تو میں تمہیں ابدی راحت و مسرّت کا وہ گھر دوں گا جس کا نام جنت ہے۔ اور اگر دُوسرے کسی رویہ پر چلو گے جس پر چلنے کے لیے بھی تم کو آزادی ہے تو دُنیا میں تم کو فساد اور بے چینی کا مزا چکھنا ہوگا اور دنیا سے گزر کر عالمِ آخرت میں جب آؤ گے تو ابدی رنج و مصیبت کے اُس گڑھے میں پھینک دیے جاؤ گے جس کا نام دوزخ ہے۔

**(3)** Having explained all this, the Lord of the Universe placed man on earth and communicated to Adam and Eve, the first human beings to live on earth, the guidance which they and their offspring were required to follow. These first human beings were not born in a state of ignorance and darkness. On the contrary, they began their life in the broad daylight of divine Guidance. They had intimate knowledge of reality and the Law which they were to follow was communicated to them. Their way of life consisted of obedience to God (i.e. total submission) and they taught

**their children to live in obedience to Him (i.e. to live as those who submit to God).**

**In the course of time, however, men gradually deviated from this true way of life and began to follow various erroneous ways. They allowed true guidance to be lost through heedlessness and negligence and sometimes, even deliberately, distorted it out of evil perversity. They associated God with a number of beings, human and non-human, real as well as imaginary, and adored them as deities. They adulterated the God-given knowledge of reality (*al-ilm* in the Quranic terminology) with all kinds of fanciful ideas, superstitions and philosophical concepts, thereby giving birth to innumerable religions. They disregarded or distorted the sound and equitable principles of individual morality and of collective conduct (*Shariah* in Quranic terminology) and made their own laws in accordance with their base desires and prejudices. As a result, the world became filled with wrong and injustice.**

۳۔ یہ فہمائش کر کے مالکِ کائنات نے نوع انسانی کو زمین میں جگہ دی اور اس نوع کے اولین افراد آدم اور حوّا کو وہ ہدایت بھی دے دی جس کے مطابق انہیں اور ان کی اولاد کو زمین میں کام کرنا تھا۔ یہ اولین انسان جہالت اور تاریکی کی حالت میں پیدا نہیں ہوئے تھے بلکہ خدا نے زمین پر ان کی زندگی کا آغاز پوری روشنی میں کیا تھا۔ وہ حقیقت سے واقف تھے۔ انہیں ان کا قانون حیات بتا دیا گیا تھا۔ ان کا طریق زندگی خدا کی اطاعت یعنی اسلام تھا اور وہ اپنی اولاد کو یہی بات سکھا کر گئے کہ وہ مطیع خدا مسلم بن کر رہیں۔ لیکن بعد کی صدیوں میں رفتہ رفتہ انسان اس صحیح طریق زندگی دین سے منحرف ہو کر مختلف قسم کے غلط رویوں کی طرف چل پڑے۔ انہوں نے غفلت سے اس کو گم بھی کیا اور شرارت سے اس کو مسخ بھی کر ڈالا۔ انہوں نے خدا کے ساتھ زمین و آسمان کی مختلف انسانی اور غیر انسانی، خیالی اور مادی ہستیوں کو خدائی میں شریک ٹھہرا لیا۔

انہوں نے خدا کے دیے ہوئے علم حقیقت العلم میں طرح طرح کے اوہام اور نظریوں اور فلسفوں کی آمیزش کر کے بے شمار مذاہب پیدا کر لیے۔ انہوں نے خدا کے مقرر کیے ہوئے عادلانہ اصول اخلاق و تمدّن شریعت کو چھوڑ کر یا بگاڑ کر اپنی خواہشاتِ نفس اور اپنے تعصبات کے مطابق ایسے قوانین زندگی گھڑ لیے جن سے خدا کی زمین ظلم سے بھر گئی۔

**(4) It was inconsistent with the limited autonomy conferred upon man by God that He should exercise His overwhelming power and compel man to righteousness. It was also inconsistent with the fact that God had granted a term to the human species in which to show their worth, that He should afflict men with catastrophic destruction as soon as they showed signs of rebellion.**

**Moreover, God had undertaken from the beginning of creation that true guidance would be made available to man throughout the term granted to him and that this guidance would be available in a manner consistent with man's autonomy. To fulfill this self assumed responsibility, God chose to appoint those human beings whose faith in Him was outstanding and who followed the way pleasing to Him. God chose these people to be His envoys. He had His messages communicated to them, honored them with an intimate knowledge of reality, provided them with the true laws of life and entrusted them with the task of recalling man to the original path from which he had strayed (These men were the Prophets and Messengers of God).**

۴۔ خدا نے جو محدود خود اختیاری انسان کو دی تھی اس کے ساتھ یہ بات مطابقت نہ رکھتی تھی کہ وہ اپنی تخلیقی مداخلت سے کام لے کر ان بگڑے ہوئے انسانوں کو زبردستی صحیح رویہ کی طرف موڑ دیتا۔ اور اس نے

دنیا میں کام کرنے کے لیے جو مہلت اس نوع کے لیے اور اس کی مختلف قوموں کے لیے مقرر کی تھی اس کے ساتھ یہ بات بھی مطابقت نہ رکھتی تھی کہ اس بغاوت کے رونما ہوتے ہی وہ انسانوں کو ہلاک کر دیتا۔ پھر جو کام ابتدائے آفرینش سے اُس نے اپنے ذمہ لیا تھا وہ یہ تھا کہ انسان کی خوداختیاری کو برقرار رکھتے ہوئے اس کی مہلت عمل کے دوران میں اس کی رہنمائی کا انتظام وہ کرتا رہے گا۔ چنانچہ اپنی اس خود عائدکردہ ذمہ داری کو ادا کرنے کے لیے اس نے انسانوں ہی میں سے ایسے آدمیوں کو استعمال کرنا شروع کیا جو اس پر ایمان رکھنے والے اور اس کی رضا کی پیروی کرنے والے تھے۔ اس نے ان کو اپنا نمائندہ بنایا۔ اپنے پیغامات ان کے پاس بھیجے۔ ان کو علم حقیقت بخشا۔ انہیں صحیح قانون حیات عطا کیا۔ اور انہیں اس کام پر مامور کیا کہ بنی آدم کو اسی راہ راست کی طرف پلٹنے کی دعوت دیں جس سے وہ ہٹ گئے تھے۔

**(5) These Prophets were sent to different people in different lands and over a period of time covering thousands and thousands of years. They all had the same religion; the one originally revealed to man as the right way for him. All of them followed the same guidance; those principles of morality and collective life prescribed for man at the very outset of his existence. All these Prophets had the same mission; to call man to this true religion and subsequently to organize all those who accepted this message into a community (*ummah*) which would be bound by the Law of God, which would strive to establish its observance and would seek to prevent its violation.**

**All the Prophets discharged their mission creditably in their own time. However, there were always many who refused to accept their guidance. On the other hand, those who did accept it became a submitting community (That is, a group of people committed to the true guidance of God as revealed to His Prophets). The community with total submission to**

**the commandment of one God is referred to as a Muslim community. Here the word Muslim is not used in the sense of the followers of the last Messenger of God, Muhammad (peace be upon him), but in the wider sense, meaning all those who, at various periods, committed themselves to live in submission to God. However, over a period of time, this community of those who had submitted to the will and commands of God gradually degenerated causing the Divine Guidance to be lost, distorted or adulterated.**

۵ ۔ یہ پیغمبر مختلف قوموں اور ملکوں میں اٹھتے رہے۔ ہزار ہا برس تک ان کی آمد کا سلسلہ چلتا رہا۔ ہزار ہا کی تعداد میں وہ مبعوث ہوئے۔ان سب کا ایک ہی دین تھا، یعنی وہ صحیح رویہ جو اول روز ہی انسان کو بتا دیا گیا تھا۔ وہ سب ایک ہی ہدایت کے پیرو تھے، یعنی اخلاق وتمدّن کے وہ ازلی وابدی اصول جو آغاز ہی میں انسان کے لیے تجویز کر دیے گئے تھے۔ اوران سب کا ایک ہی مشن تھا، یعنی یہ کہ اس دین اوراس ہدایت کی طرف اپنے ابنائے نوع کو دعوت دیں، پھر جو لوگ اس دعوت کو قبول کر لیں ان کو منظم کر کے ایک ایسی امت بنائیں جو خود اللہ کے قانون کی پابند ہو اور دنیا میں قانونِ الہیٰ کی اطاعت قائم کرنے اوراس قانون کی خلاف ورزی روکنے کے لیے جدّوجہد کرے۔ ان پیغمبروں نے اپنے اپنے دور میں اپنے اس مشن کو پوری خوبی کے ساتھ ادا کیا، مگر ہمیشہ یہی ہوتا رہا کہ انسانوں کی ایک کثیر تعداد تو ان کی دعوت قبول کرنے پر آمادہ ہی نہ ہوئی اور جنھوں نے اسے قبول کر کے امت مسلمہ کی حیثیت اختیار کی وہ رفتہ رفتہ خود بگڑتے چلے گئے یہاں تک کہ ان میں سے بعض اُمتیں ہدایت الہیٰ کو بالکل ہی گم کر بیٹھیں ، اور بعض نے خدا کے ارشادات کو اپنی تحریفات اور آمیزشوں سے مسخ کر دیا۔

**(6) At last the Lord of the Universe sent Muhammad (peace be upon him) to Arabia and entrusted him with the same mission that He had entrusted to the earlier Prophets. This last Messenger of God addressed the followers of the earlier Prophets (who had by this time deviated from their original**

teachings) as well as the rest of humanity. The mission of each Prophet was to call men to the right way of life, to communicate God's true guidance afresh and to organize into one community all who responded to his mission and accepted the guidance vouchsafed to him. Such a community was to be dedicated to the two-fold task of molding its own life in accordance with God's guidance and striving for the reform of the world. The Quran is the Book which embodies this mission and guidance, as revealed by God to Muhammad (peace be upon him).

۶۔ آخر کار خداوند عالم نے سرزمین عرب میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی کام کے لیے مبعوث کیا جس کے لیے پچھلے انبیاء آتے رہے تھے۔ ان کے مخاطب عام انسان بھی تھے اور پچھلے انبیاء کے بگڑے ہوئے پیروکار بھی۔ سب کو صحیح رویہ کی طرف دعوت دینا، سب کو ازسرنو خدا کی ہدایت پہنچا دینا اور جو اس دعوت و ہدایت کو قبول کریں انہیں ایک ایسی امت بنا دینا ان کا کام تھا جو ایک طرف خود اپنی زندگی کا نظام خدا کی ہدایت پر قائم کرے اور دوسری طرف دنیا کی اصلاح کے لیے جدّوجہد کرے۔ اسی دعوت اور ہدایت کی کتاب یہ قرآن ہے جو اللہ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمائی۔

## Central Theme مرکزی مضمون

If we remember these basic facts about the Quran, it becomes easy to grasp its true subject, its central theme and the objective it seeks to achieve. Insofar as it seeks to explain the ultimate causes of man's success or failure the subject of the Book is MAN.

قرآن کی یہ اصل معلوم ہوجانے کے بعد ناظرین کے لیے یہ سمجھنا آسان ہو جاتا ہے کہ اس کتاب کا موضوع کیا ہے، اس کا مرکزی مضمون کیا ہے، اور اس کا مدّعا کیا ہے۔ اس کا موضوع انسان ہے اس اعتبار سے کہ

بلحاظ حقیقت نفس الامری اس کی فلاح اور اس کا خسران کس چیز میں ہے۔

**Its central theme is that concepts relating to God, the universe and man, which have emanated from man's own limited knowledge run counter to reality. The same applies to concepts which have been either woven by man's intellectual fancies or which have evolved through man's obsession with animal desires. The ways of life which rest on these false foundations are both contrary to reality and ruinous for man. The essence of true knowledge is that which God revealed to man when He appointed him as His vicegerent. Hence, the way of life which is in accordance with reality and conducive to human good is that which we have characterized above as the right way. The real object of the Book is to call people to this right way and to illuminate God's true guidance, which has often been lost either through man's negligence and heedlessness or distorted by his wicked perversity.**

اُس کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ ظاہر بینی یا قیاس آرائی یا خواہش کی غلامی کے سبب سے انسان نے خدا اور نظامِ کائنات اور اپنی ہستی اور اپنی دُنیوی زندگی کے متعلق جو نظریات قائم کیے ہیں، اور ان نظریات کی بنا پر جو رویے اختیار کر لیے ہیں وہ سب حقیقت نفسُ الامری کے لحاظ سے غلط اور نتیجے کے اعتبار سے خود انسان ہی کے لیے تباہ کن ہیں۔ حقیقت وہ ہے جو انسان کو خلیفہ بناتے وقت خدا نے خود بتا دی تھی۔ اور اس حقیقت کے لحاظ سے انسان کے لیے وہی رویہ درست اور خوش انجام ہے جسے پچھلے صفحات میں ہم "صحیح رویہ" کے نام سے بیان کر چکے ہیں۔ اس کا مدّعا انسان کو اس صحیح رویہ کی طرف دعوت دینا اور اللہ کی اس ہدایت کو واضح طور پر پیش کرنا ہے جسے انسان اپنی غفلت سے گم اور اپنی شرارت سے مسخ کرتا رہا ہے۔

**If we study the Quran with these facts in mind it is bound to strike us that the Quran does not deviate one iota from**

**its main subject, its central theme and its basic objective. All the various themes occurring in the Quran are related to the central theme; just as beads of different color may be strung together to form a necklace. The Quran speaks of the structure of the heavens and the earth and of man, refers to the signs of reality in the various phenomena of the universe, relates anecdotes of bygone nations, criticizes the beliefs, morals and deeds of different people, elucidates supernatural truths and discusses many other things besides. All this the Quran does, not in order to provide instruction in physics, history, philosophy or any other particular branch of knowledge, but rather to remove the misconceptions people have about reality and to make that reality manifest to them. It emphasizes that the various ways men follow, which are not in conformity with reality, are essentially false, and full of harmful consequences for mankind. It calls on men to shun all such ways and to follow instead the way which both conforms to reality and yields best practical results. This is why the Quran mentions everything only to the extent and in the manner necessary for the purposes it seeks to serve. The Quran confines itself to essentials thereby omitting any irrelevant details. Thus, all its contents consistently revolve around this call.**

ان بنیادی اُمور کو ذہن میں رکھ کر کوئی شخص قرآن کو دیکھے تو اسے صاف نظر آئے گا کہ یہ کتاب کہیں اپنے موضوع اور اپنے مدّعا اور اپنے مرکزی مضمون سے بال برابر بھی نہیں ہٹی ہے۔ اول سے لے کر آخر تک مختلف النوع مضامین اس کے مرکزی مضمون کے ساتھ اس طرح جڑے ہوئے ہیں جیسے ایک ہار کے چھوٹے بڑے رنگ برنگ جواہر ہار کے رشتے میں مربوط و منسلک ہوتے ہیں۔ وہ زمین و آسمان کی ساخت پر،

انسان کی خلقت پر، آثار کائنات کے مشاہدات اور گزری ہوئی قوموں کے واقعات پر گفتگو کرتا ہے، مختلف قوموں کے عقائد و اخلاق اور اعمال پر تنقید کرتا ہے، مابعد الطبعی امور و مسائل کی تشریح کرتا ہے اور بہت سی دوسری چیزوں کا ذکر بھی کرتا ہے، مگر اس لیے نہیں کہ اسے طبیعیات یا تاریخ یا فلسفے یا کسی اور فن کی تعلیم دینی ہے، بلکہ اس لیے کہ اسے حقیقت نفس الامری کے متعلق انسان کی غلط فہمیاں دور کرنی ہیں، اصل حقیقت لوگوں کے ذہن نشین کرنی ہے، خلاف حقیقت رویہ کی غلطی و بدانجامی واضح کرنی ہے، اور اس رویہ کی طرف دعوت دینی ہے جو مطابق حقیقت اور خوش انجام ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ہر چیز کا ذکر صرف اس حد تک اور اس انداز میں کرتا ہے جو اس کے مدّعا کے لیے ضروری ہے، ہمیشہ ان چیزوں کا ذکر بقدرِ ضرورت کرنے کے بعد غیر متعلق تفصیلات کو چھوڑ کر اپنے مقصد اور مرکزی مضمون کی طرف رجوع کرتا ہے اور اس کا سارا بیان انتہائی یکسانی کے ساتھ "دعوت" کے محور پر گھومتا رہتا ہے۔

## پس منظر Background

Likewise, it is not possible fully to appreciate either the style of Quran, the order underlying the arrangement of its verses or the diversity of the subjects treated in it, without fully understanding the manner in which it was revealed. The Quran, as we have noted earlier, is not a book in the conventional sense of the term. Allah did not compose and entrust it in one piece to Muhammad (peace be upon him) so that he could spread its message and call people to adopt an attitude to life consonant with its teachings. Nor is the Quran one of those books which discusses their subjects and main themes in the conventional manner. Its arrangement differs from that of ordinary books, and its style is correspondingly different.

مگر قرآن کے طرزِ بیان اور اس کی ترتیب اور اس کے بہت سے مضامین کو آدمی اُس وقت تک اچھی طرح

نہیں سمجھ سکتا جب تک کہ وہ اس کی کیفیت نزول کو بھی اچھی طرح نہ سمجھ لے۔ یہ قرآن اس نوعیت کی کتاب نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بیک وقت اسے لکھ کر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو دے دیا ہوا ور کہہ دیا ہو کہ اسے شائع کر کے لوگوں کو ایک خاص رویہ زندگی کی طرف بلائیں ۔ نیز یہ اس نوعیت کی کتاب بھی نہیں ہے کہ اس میں مصنفانہ انداز پر کتاب کے موضوع اور مرکزی مضمون کے متعلق بحث کی گئی ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس میں نہ تصنیفی ترتیب پائی جاتی ہے اور نہ کتابی اسلوب۔

## Makkan Surahs مکّی سورتیں

**The nature of this Book is that Allah chose a man in Makkah to serve as His Messenger and gave him the task to preach His message, starting in his own city (Makkah) and with his own tribe (Quraish). At this initial stage, instructions were confined to what was necessary at this particular juncture of the mission.**

دراصل اس کی نوعیت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عرب کے شہر مکہ میں اپنے ایک بندے کو پیغمبری کی خدمت کے لیے منتخب کیا اور اسے حکم دیا کہ اپنے شہر اور اپنے قبیلہ قریش سے دعوت کی ابتدا کرے۔ یہ کام شروع کرنے کے لیے آغاز میں جن ہدایات کی ضرورت تھی صرف وہی دی گئیں اور وہ زیادہ تر تین مضمونوں پر مشتمل تھیں:

**Three themes in particular stand out:**
**First: Directives were given to the Prophet (peace be upon him) on how he should prepare for his great mission and how he should begin working for the fulfillment of his task.**
**Second: A fundamental knowledge of reality was furnished and misconceptions commonly held by people in that regard, misconceptions which gave rise to wrong orientation in life were removed. People were exhorted to**

**adopt the right attitude towards life.**

**Third: the Quran also elucidated those fundamental principles which, if followed, lead to man's success and happiness.**

ایک، پیغمبر کو اس امر کی تعلیم کہ وہ خود اپنے آپ کو اس عظیم الشان کام کے لیے کس طرح تیار کریں اور کس طرز پر کام کریں۔

دوسرے، حقیقت نفس الامری کے متعلق ابتدائی معلومات اور حقیقت کے بارے میں ان غلط فہمیوں کی مجمل تردید جو گرد و پیش کے لوگوں میں پائی جاتی تھیں جن کی وجہ سے ان کا رویہ غلط ہو رہا تھا۔

تیسرے، صحیح رویہ کی طرف دعوت اور ہدایت الٰہی کے ان بنیادی اصول اخلاق کا بیان جن کی پیروی میں انسان کے لیے فلاح و سعادت ہے۔

**In keeping with the character of the mission at this stage the early revelations generally consisted of short verses, couched in language of uncommon grace and power, and clothed in a literary style suited to the taste and the temperament of the people to whom they were originally addressed, and whose hearts they were meant to penetrate. The rhythm, melody and vitality of these verses drew rapt attention, as such was their stylistic grace and charm that people began to recite them involuntarily. The local color of these early messages is conspicuous, for while the truths they contained were universal, the arguments and illustrations used to elucidate them were drawn from the immediate environment familiar to the first listeners. Allusions were made to their history and traditions and to the visible traces of the past which had crept into the beliefs, and into the moral and social life of Arabia. All this**

was calculated to enhance the appeal the message held for its immediate audience.

شروع شروع کے یہ پیغامات ابتدائے دعوت کی مناسبت سے چند چھوٹے چھوٹے مختصر بولوں پر مشتمل ہوتے تھے جن کی زبان نہایت شستہ، نہایت شیریں، نہایت پر اثر اور مخاطب قوم کے مذاق کے مطابق بہترین ادبی رنگ لیے ہوئے ہوتی تھی تاکہ دلوں میں یہ بول تیر ونشتر کی طرح پیوست ہو جائیں، کان خود بخود ان کے ترنم کی وجہ سے ان کی طرف متوجہ ہوں اور زبانیں ان کے حسنِ تناسب کی وجہ سے بے اختیار ہو کر اُنہیں دُہرانے لگیں۔ پھر ان میں مقامی رنگ بہت زیادہ تھا۔ اگرچہ بیان تو کی جا رہی تھیں عالمگیر صداقتیں مگر ان کے لیے دلائل و شواہد اور مثالیں اُس قریب ترین ماحول سے لی گئی تھیں جس سے مخاطب لوگ اچھی طرح مانوس تھے۔ اُنہی کی تاریخ، انہی کی روایات، انہی کے روز مرّہ مشاہدہ میں آنے والے آثار اور انہی کی اعتقادی و اخلاقی اور اجتماعی خرابیوں پر ساری گفتگو تھی تاکہ وہ اس سے اثر لے سکیں۔

This early stage lasted for four or five years, during which period the following reactions to the Prophet's message manifested themselves:

1: A few people responded to the call and agreed to join the ummah (community) committed, of its own volition, to submit to the Will of Allah.

2: Many people reacted with hostility, either from ignorance or egotism, or because of chauvinistic attachment to the way of life of their forefathers.

3: It did not remain confined to Makkah or the Quraish. It began to meet with favorable response beyond the borders of that city and among other tribes.

دعوت کا یہ ابتدائی مرحلہ تقریباً چار پانچ سال تک جاری رہا، اور اس مرحلے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تبلیغ کا ردعمل تین صورتوں میں ظاہر ہوا:

ا۔ چند صالح آدمی اس دعوت کو قبول کر کے امت مسلمہ بننے کے لیے تیار ہو گئے۔

۲- ایک کثیر تعداد جہالت یا خود غرضی یا آبائی طریقے کی محبت کے سبب مخالفت پر آمادہ ہوگئی۔
۳- مکے اور قریش کی حدود سے نکل کر اس نئی دعوت کی آواز زیادہ وسیع حلقے میں پہنچنے لگی۔

**The next stage of the mission was marked by hard, vigorous struggle between the Islamic movement and the age old ignorance (*Jahiliyah* - all those world-views and ways of life which are based on the rejection or disregard of the heavenly guidance which is communicated to mankind through the Prophets and Messengers of Allah; the attitude of treating human life - either wholly or partially - as independent of the directives revealed by Allah) of Arabia. Not only were the Makkans and the Quraish bent upon preserving their inherited way of life, they were also firmly resolved to suppress the new movement by force. They stopped at nothing in the pursuit of this objective. They resorted to false propaganda; they spread doubt and suspicion and used subtle, malicious insinuations to sow distrust in people's minds. They tried to prevent people from listening to the message of the Prophet (peace be upon him). They perpetrated savage cruelties on those who embraced Islam. They subjected them to economic and social boycott, and persecuted them to such an extent that on two occasions a number of them were forced to leave home and emigrate to Abyssinia, and finally they had to emigrate *en masse* to Al-Madinah.**

یہاں سے اس دعوت کا دوسرا مرحلہ شروع ہوتا ہے۔ اس مرحلے میں اسلام کی اس تحریک اور پرانی جاہلیت کے درمیان ایک سخت جاں گسل کشمکش برپا ہوئی جس کا سلسلہ آٹھ نو سال تک چلتا رہا۔ نہ صرف مکے میں، نہ صرف قبیلہ قریش میں بلکہ عرب کے بیشتر حصّوں میں بھی جو لوگ پرانی جاہلیت کو برقرار رکھنا چاہتے تھے وہ

اس تحریک کو بزور مٹا دینے پر تل گئے۔ انہوں نے اسے دبانے کے لیے سارے حربے استعمال کر ڈالے۔ جھوٹا پروپیگنڈا کیا، الزامات اور شبہات اور اعتراضات کی بوچھاڑ کی، عوام الناس کے دلوں میں طرح طرح کی وسوسہ اندازیاں کیں، ناواقف لوگوں کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بات سننے سے روکنے کی کوششیں کیں، اسلام قبول کرنے والوں پر نہایت وحشیانہ ظلم وستم ڈھائے، ان کا معاشی اور معاشرتی مقاطعہ کیا، اور ان کو اتنا تنگ کیا کہ ان میں سے بہت سے لوگ دو دفعہ اپنے گھر چھوڑ کر حبشہ کیطرف ہجرت کر جانے پر مجبور ہوئے اور بالآخر تیسری مرتبہ ان سب کو مدینے کی طرف ہجرت کرنی پڑی۔

**In spite of this strong and growing resistance and opposition, the Islamic movement continued to spread. There was hardly a family left in Makkah, one of whose members at least had not embraced Islam. Indeed, the violence and bitterness of the enemies of Islam was due to the fact that their own kith and kin - brothers, nephews, sons, daughters, sisters, brothers-in-law and so on - had not only embraced Islam, but were even ready to sacrifice their lives for its sake. Their resistance, therefore, brought them into conflict with their own nearest and dearest. Moreover, those who had forsaken the age old ignorance of Arabia included many who were outstanding members of their society. After embracing Islam, they became so remarkable for their moral uprightness, their veracity and their purity of character that the world could hardly fail to notice the superiority of the message which was attracting people of such qualities.**

لیکن اس شدید اور روز افزوں مزاحمت کے باوجود یہ تحریک پھیلتی چلی گئی۔ مکے میں کوئی خاندان اور کوئی گھر ایسا نہ رہا جس کے کسی نہ کسی فرد نے اسلام قبول نہ کر لیا ہو۔ بیشتر مخالفینِ اسلام کی دشمنی میں شدت اور تلخی کی وجہ یہی تھی کہ ان کے اپنے بھائی، بھتیجے، بیٹے، بیٹیاں، بہنیں اور بہنوئی دعوتِ اسلام کے نہ صرف پیرو

بلکہ جاں نثار حامی ہوگئے تھے اور ان کے اپنے دل و جگر کے ٹکڑے ہی ان سے برسر پیکار ہونے کو تیار تھے۔ پھر لطف یہ ہے کہ جو لوگ پرانی جاہلیت سے ٹوٹ ٹوٹ کر اس نوخیز تحریک کی طرف آرہے تھے وہ پہلے بھی اپنی سوسائٹی کے بہترین لوگ سمجھے جاتے تھے اور اس تحریک میں شامل ہونے کے بعد وہ اتنے نیک، اتنے راستباز اور اتنے پاکیزہ اخلاق کے انسان بن جاتے تھے کہ دنیا اس دعوت کی برتری محسوس کیے بغیر رہ نہیں سکتی تھی جو ایسے لوگوں کو اپنی طرف کھینچ رہی تھی اور انہیں یہ کچھ بنا رہی تھی۔

**During the Prophet’s (peace be upon him) long and arduous struggle, Allah continued to inspire him with revelations possessing at once the smooth, natural flow of a river, the violent force of a flood and the overpowering effect of a fierce fire. These messages instructed the believers in their basic duties, inculcated in them a sense of community and belonging, exhorted them to piety, moral excellence and purity of character, taught them how to preach the true faith, sustained their spirit by promises of success and Paradise in the Hereafter, aroused them to struggle in the cause of Allah with patience, fortitude and high spirits, and filled their hearts with such zeal and enthusiasm that they were prepared to endure every sacrifice, brave every hardship and face every adversity.**

**At the same time, those either bent on opposition, or who had deviated from the right way, or who had immersed themselves in frivolity and wickedness, were warned by having their attentions called to the tragic ends of nations with whose fates they were familiar. They were asked to draw lessons from the ruins of those localities through which they passed every day in the course of their wanderings. Evidence for the unity of Allah and for the**

existence of after-life was pointed to in signs visible to their own eyes and within the range of their ordinary experience. The weaknesses inherent in polytheisms, the vanity of man's ambition to become independent even of Allah, the folly of denying the after-life, the perversity of blind adherence to the ways of one's ancestors regardless of right or wrong, were all fully elucidated with the help of arguments cogent enough to penetrate the minds and hearts of audience. Moreover, every misgiving was removed, a reasonable answer was provided to every objection, all confusion and perplexity was cleared up, and ignorance was besieged from all sides till its irrationality was totally exposed. Along with all this went the warning of the wrath of Allah. The people were reminded of the horrors of the doomsday and the tormenting punishment of the Hell. They were also censured for their moral corruption, for their erroneous ways of life, for their clinging to the ways of ignorance, for their opposition to truth and their persecution of the believers.

Furthermore, these messages enunciated those fundamental principles of morality and collective life on which all sound and healthy civilizations enjoying Allah's approval had always rested. This stage was unfolded in several phases. In each phase, the preaching of the message assumed ever wider proportions, as the struggle for the cause of Islam and opposition to it became increasingly intense and severe, and as the believers encountered people of varying outlooks and beliefs. All these factors had the effect of increasing the variety of the topics in the messages

**revealed during this period. Such, in brief, was the situation forming the background to the Makkan Surahs of the Quran.**

اس طویل اور شدید کشمکش کے دوران میں اللہ تعالیٰ حسب موقع اور حسبِ ضرورت اپنے نبی پر ایسے پر جوش خطبے نازل کرتا رہا جن میں دریا کی سی روانی، سیلاب کی سی قوت اور تیز وتند آگ کی سی تاثیر تھی۔ ان خطبوں میں ایک طرف اہل ایمان کو ان کے ابتدائی فرائض بتائے گئے، ان کے اندر جماعتی شعور پیدا کیا گیا، انہیں تقوی اور فضیلت اخلاق اور پاکیزگی سیرت کی تعلیم دی گئی، ان کو دین حق کی تبلیغ کے طریقے بتائے گئے، کامیابی کے وعدوں اور جنت کی بشارتوں سے ان کی ہمت بندھائی گئی انہیں صبر وثبات اور بلند حوصلگی کے ساتھ اللہ کی راہ میں جدّوجہد کرنے پر اُبھارا گیا اور فدا کاری کا ایسا زبر دست جوش اور ولولہ ان میں پیدا کیا گیا کہ وہ ہر مصیبت جھیل جانے اور مخالفت کے بڑے بڑے طوفانوں کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہوگئے۔ دُوسری طرف مخالفین اور راہ راست سے منہ موڑنے والوں اور غفلت کی نیند سونے والوں کو ان قوموں کے انجام سے ڈرایا گیا جن کی تاریخ سے وہ خود واقف تھے، ان تباہ شدہ بستیوں کے آثار سے عبرت دلائی گئی جن کے کھنڈروں پر شب وروز اپنے سفروں میں ان کا گزر ہوتا تھا، توحید اور آخرت کی دلیلیں ان کھلی کھلی نشانیوں سے دی گئیں جو رات دن زمین اور آسمان میں ان کی آنکھوں کے سامنے نمایاں تھیں اور جن کو وہ خود اپنی زندگی میں بھی ہر وقت دیکھتے اور محسوس کرتے تھے، شرک اور دعوائے خود مختاری اور انکار آخرت اور تقلید آبائی کی غلطیاں ایسے بینّ دلائل سے واضح کی گئیں جو دل کو لگنے اور دماغ میں اتر جانے والے تھے۔ پھر ان کے ایک ایک شبہ کو رفع کیا گیا، ایک ایک اعتراض کا معقول جواب دیا گیا ایک ایک الجھن جس میں وہ خود پڑے ہوئے تھے یا دوسروں کو اُلجھانے کی کوشش کرتے تھے، صاف کی گئی اور ہر طرف سے گھیر کر جاہلیت کو ایسا تنگ پکڑا گیا کہ عقل و خرد کی دنیا میں اس کے لیے ٹھہرنے کی کوئی جگہ باقی نہ رہی۔ اس کے ساتھ پھر ان کو خدا کے غضب اور قیامت کی ہولناکیوں اور جہنم کے عذاب کا خوف دلایا گیا ان کے برے اخلاق اور غلط طرز زندگی اور جاہلانہ رسوم اور حق دشمنی اور مومن آزاری پر انہیں ملامت کی گئی، اور اخلاق وتمدّن کے وہ بڑے بڑے بنیادی اصول ان کے سامنے پیش کیے گئے جن پر ہمیشہ سے خدا کی پسندیدہ صالح تہذیبوں کی تعمیر ہوتی

چلی آرہی ہے۔ یہ مرحلہ بجائے خود مختلف منزلوں پر مشتمل تھا جن میں سے ہر منزل میں دعوت زیادہ وسیع ہوتی گئی جدوجہد اور مزاحمت زیادہ سخت ہوتی گئی، مختلف عقائد اور مختلف طرز عمل رکھنے والے گروہوں سے سابقہ پیش آتا گیا، اور اسی کی مطابق اللہ کی طرف سے آنے والے پیغامات میں مضامین کا تنوع بڑھتا گیا۔ یہ ہے قرآن مجید کی مکّی سورتوں کا پس منظر۔

## Madani Surahs مدنی سورتیں

**For thirteen years the Islamic movement strived in Makkah. It then obtained, in Al-Madinah, a haven of refuge in which to concentrate its followers and its strength. The Prophet's (peace be upon him) movement now entered in its third stage.**

مکے میں اس تحریک کو اپنا کام کرتے ہوئے تیرہ سال گزر چکے تھے کہ یکایک مدینے میں اس کو ایک ایسا مرکز بہم پہنچ گیا جہاں اس کے لیے یہ ممکن ہوگیا کہ عرب کے تمام حصّوں سے اپنے پیروؤں کو سمیٹ کر ایک جگہ اپنی طاقت مجتمع کر لے۔ چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور بیشتر متبعین اسلام ہجرت کر کے مدینے پہنچ گئے۔ اِس طرح یہ دعوت تیسرے مرحلے میں داخل ہوئی۔

**During this stage, circumstances changed drastically. The Muslim community succeeded in establishing a full-fledged state; its creation was followed by prolonged armed conflicts with the representatives of the ancient ignorance of Arabia. The community also encountered followers of the former Prophets, i.e. Jews and Christians.**

اس مرحلے میں حالات کا نقشہ بالکل بدل گیا۔ امت مسلمہ ایک باقاعدہ ریاست کی بنا ڈالنے میں کامیاب ہو گئی۔ پرانی جاہلیت کے علمبرداروں سے مقابلہ شروع ہوا۔ پچھلے انبیاء کی اُمتوں یہود و نصاریٰ سے بھی سابقہ پیش آیا۔

An additional problem was that hypocrites began to join the fold of Muslim community; their machinations needed to be resisted. After a severe struggle, lasting ten years, the Islamic movement reached a high point of achievement when the entire Arabian peninsula came under its sway and the door was opened to the world-wide preaching and reform. This stage, like the preceding one, passed through various phases each of which had its peculiar problems and demands.

خود امت مسلمہ کے اندرونی نظام میں مختلف قسم کے منافق گھس آئے اور ان سے بھی نمٹنا پڑا۔ اور دس سال کی شدید کشمکش سے گزر کر آخر کار یہ تحریک کامیابی کی اس منزل پر پہنچی کہ سارا عرب اس کے زیرنگیں ہو گیا اور عالمگیر دعوت و اصلاح کے دروازے اس کے سامنے کھل گئے۔ اس مرحلے کی بھی مختلف منزلیں تھیں اور ہر منزل میں اس تحریک کی مخصوص ضرورتیں تھیں۔

It was in the context of these problems that Allah continued to reveal messages to the Prophet (peace be upon him). At times these messages were couched in the form of fiery speeches; at other times they were characterized by the grandeur and stateliness of majestic proclamations and ordinances. At times they had the air of instructions from a teacher; at others, the style of preaching of a reformer. These messages explained how a healthy society, state and civilization could be established and the principles on which the various aspects of human life should be based. They also dealt with matters directly related to the specific problems facing Muslims. For example, how should they deal with hypocrites (who were harming the Muslims and the Muslim community from within) and with the non-Muslims who were living under the care of the Muslim society? How

**should they relate to the People of the Book? What treatment should be meted out to those with whom the Muslims were at war, and how should they deal with those with whom they were bound by treaties and agreements? How should the believers, as a community, prepare to discharge their obligations as vicegerents of the Lord of Universe?**

ان ضرورتوں کے مطابق اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسی تقریریں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوتی رہیں جن کا انداز کبھی آتشیں خطابت کا کبھی شاہانہ فرامین واحکام کا، کبھی معلمانہ درس و تعلیم کا اور کبھی مصلحانہ افہام و تفہیم کا ہوتا تھا۔ ان میں بتایا گیا کہ جماعت اور ریاست اور مدنیت صالحہ کی تعمیر کس طرح کی جائے، زندگی کے مختلف شعبوں کو کن اصول و ضوابط پر قائم کیا جائے منافقین سے کیا سلوک ہو ذمی کافروں سے کیا برتاؤ ہو۔ اہل کتاب سے تعلقات کی کیا نوعیت رہے۔ برسر جنگ دشمنوں اور معاہد قوموں کے ساتھ کیا طرز عمل اختیار کیا جائے۔اور منظم اہل ایمان کا یہ گروہ اپنے آپ کو خلافت کے لئے کس طرح تیار کرے۔

**Through the Quran the Muslims were guided in questions like these, were instructed and trained, made aware of their weaknesses, urged to risk their lives and property for the cause of Allah, taught the code of morality they should observe in all circumstances of life - in times of victory and defeat, ease and distress, prosperity and adversity, peace and security, peril and danger. In short, they were being trained to serve as the successors of the mission of the Prophet (peace be upon him), with the task of carrying on the message of Islam and bringing about the reform in human life. The Quran also addressed itself to those outside the fold of Islam, to the People of the Book, the hypocrites, the unbelievers, the polytheists. Each group was addressed according to its own particular circumstances and attitudes.**

**Sometimes the Quran invited them to the true faith with tenderness and delicacy; on other occasions, it rebuked and severely admonished them. It also warned them against, and threatened them with punishment from Allah. It attempted to make them take heed by drawing their attention to instructive historical events. In short, people were left with no valid reason for refusing the call of the Prophet (peace be upon him). Such, briefly, is the background of the Madani Surahs of the Quran.**

ان تقریروں میں ایک طرف مسلمانوں کی تعلیم وتربیت کی جاتی تھی، ان کی کمزوریوں پر تنبیہ کی جاتی تھی، ان کوراہ خدا میں جان ومال سے جہاد کرنے پر اُبھارا جاتا تھا، ان کو شکست اور فتح، مصیبت اور راحت، بدحالی اور خوش حالی، امن اور خوف، غرض ہر حال میں اس کے مناسب اخلاقیات کا درس دیا جاتا تھا، اور انہیں اس طرح تیار کیا جاتا تھا کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کے جانشین بن کر اس دعوت واصلاح کے کام کو انجام دے سکیں۔ دُوسری طرف ان لوگوں کو جو دائرہ ایمان سے باہر تھے، اہل کتاب ، منافقین ، کفار و مشرکین ، سب کو ان کی مختلف حالتوں کے لحاظ سے سمجھانے ، نرمی سے دعوت دینے، سختی سے ملامت اور نصیحت کرنے، خدا کے عذاب سے ڈرانے اور سبق آموز واقعات واحوال سے عبرت دلانے کی کوشش کی جاتی تھی تاکہ ان پر حجت تمام کردی جائے۔ یہ ہے قرآن مجید کی مدنی سورتوں کا پس منظر۔

**It is now clear to us that the revelation of the Quran began and went hand in hand with the preaching of the message. This message passed through many stages and met with diverse situations from the very beginning and throughout a period of twenty three years. The different parts of the Quran were revealed step by step according to the multifarious, changing needs and requirements of the Islamic movement during these stages. It therefore, could not possibly possess the kind of coherence and systematic**

**sequence expected of doctoral dissertation.**

اس بیان سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ قرآن مجید ایک دعوت کے ساتھ اترنا شروع ہوا، اور وہ دعوت اپنے آغاز سے لے کر اپنی انتہائی تکمیل تک تئیس سال کی مدّت میں جن جن مرحلوں اور جن جن منزلوں سے گزرتی رہی، ان کی مختلف النوع ضرورتوں کے مطابق قرآن کے مختلف حصے نازل ہوتے رہے۔ ظاہر ہے کہ ایسی کتاب میں وہ تصنیفی ترتیب نہیں ہو سکتی جو ڈاکٹریٹ کی ڈگری لینے کے لیے کسی مقالے میں اختیار کی جاتی ہے۔

**Moreover, the various fragments of the Quran which were revealed in harmony with the growth of Islamic movement were not published in the form of written treatises, but were spread orally. Their style, therefore, bore an oratorical flavor rather than the characteristics of literary composition. Furthermore, these orations were delivered by one whose task meant he had to appeal simultaneously to the mind, to the heart and emotions, to the people of different mental levels and dispositions. He had to revolutionize people's thinking, to arouse in them a storm of noble emotions in support of his cause, to persuade his companions and inspire them with devotion and zeal, and with the desire to improve and reform their lives. He had to raise their morale and steel their determination, turn enemies into friends and opponents into admirers, disarm those out to oppose his message and show their position to be morally untenable. In short, he had to do everything necessary to carry out his movement through to a successful conclusion. Orations revealed in conformity with the requirement of a message and movement will inevitably have a style different from that of a professional lecture.**

پھر اس دعوت کے ارتقاء کے ساتھ ساتھ قرآن کے جو چھوٹے اور بڑے حصے نازل ہوئے وہ بھی رسالوں کی شکل میں شائع نہیں کیے جاتے تھے، بلکہ تقریروں کی شکل میں بیان کیے جاتے اور اسی شکل میں پھیلائے جاتے تھے، اس لیے ان کا اسلوب بھی تحریری نہ تھا بلکہ خطابت کا اسلوب تھا۔ پھر یہ خطابت بھی ایک پروفیسر کے لیکچروں کی سی نہیں بلکہ ایک داعی کے خطبوں کی سی تھی جسے دل اور دماغ، عقل اور جذبات، ہر ایک سے اپیل کرنا ہوتا ہے، جس کو ہر قسم کی ذہنیتوں سے سابقہ پیش آتا ہے، جسے اپنی دعوت و تبلیغ اور عملی تحریک کے سلسلے میں بے شمار مختلف حالتوں میں کام کرنا پڑتا ہے۔ ہر ممکن پہلو سے اپنی بات دلوں میں بٹھانا، خیالات کی دُنیا بدلنا، جذبات کا سیلاب اٹھانا، مخالفتوں کا زور توڑنا، ساتھیوں کی اصلاح و تربیت کرنا اور ان میں جوش اور عزم اُبھارنا، دشمنوں کو دوست، اور منکروں کو معترف بنانا، مخالفین کی حجت منقطع کرنا اور ان کی اخلاقی طاقت کا استیصال کر دینا، غرض اُسے وہ سب کچھ کرنا ہوتا ہے جو ایک دعوت کے علم بردار اور ایک تحریک کے رہنما کے لیے ضروری ہے۔ اس لیے اللہ نے اس کام کے سلسلے میں اپنے پیغمبر پر جو تقریریں نازل فرمائیں اُن کا طرزِ خطابت وہی تھا جو ایک دعوت کے مناسب حال ہوتا ہے، ان میں کالج کے لیکچروں کا سا انداز تلاش کرنا صحیح نہیں ہے۔

**This explains the repetitions we encounter in the Quran. The interests of a message and a movement demand that during a particular stage emphasis should be placed only on those subjects which are appropriate at that stage, to the exclusion of matters pertaining to later stages.**

**As a result, certain subjects may require continual emphasis for months or even years. On the other hand, content repetition in the same manner becomes exhausting. Whenever a subject is repeated, it should therefore be expressed in different phraseology, in new forms and with stylistic variations so as to ensure that the ideas and beliefs being put over find their way into the hearts of the people. At the same time, it was essential that the fundamental**

**beliefs and principles on which the whole movement was based should always be kept fresh in people's minds; a necessity which dictated that they should always be repeated continuously through all stages of the movement. For this reason, certain basic Islamic concepts about the unity of Allah and His Attributes, about the Hereafter, about man's accountability and about reward and punishment, about prophethood and belief in revealed scriptures, about basic moral attributes such as piety, patience, trust in Allah and so on, recur throughout the Quran. If these ideas had lost their hold on the minds of the people, the Islamic movement could not have moved forward in its true spirit. If we reflect on this, it also becomes evident why the Prophet (peace be upon him) did not arrange the Quran in the sequence that it was revealed.**

یہیں سے یہ بات بھی اچھی طرح سمجھ میں آسکتی ہے کہ قرآن میں مضامین کی اس قدر تکرار کیوں ہے۔ ایک دعوت اور عملی تحریک کا فطری اقتضا یہ ہے کہ وہ جس وقت جس مرحلے میں ہو اس میں وہی باتیں کہی جائیں جو اس مرحلے سے مناسبت رکھتی ہوں، اور جب تک دعوت ایک مرحلے میں رہے بعد کے مراحل کی بات نہ چھیڑی جائے بلکہ اسی مرحلے کی باتوں کا اعادہ کیا جاتا رہے، خواہ اس میں چند مہینے لگیں یا کئی سال صرف ہو جائیں۔ پھر اگر ایک ہی قسم کی باتوں کا اعادہ ایک ہی عبارت اور ایک ہی ڈھنگ پر کیا جاتا رہے تو کان انہیں سن سن کر تھک جاتے ہیں اور طبیعتیں اکتانے لگتی ہیں۔ اس لیے یہ بھی ضروری ہے کہ ہر مرحلے میں جو باتیں بار بار کہنی ہوں انہیں ہر بار نئے الفاظ، نئے اسلوب، اور نئی آن بان سے کہا جائے تاکہ نہایت خوش گوار طریقے سے وہ دلوں میں بیٹھ جائیں اور دعوت کی ایک ایک منزل اچھی طرح مستحکم ہوتی چلی جائے۔ اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ دعوت کی بنیاد جن عقائد اور اصولوں پر ہو انہیں پہلے قدم سے آخری منزل تک کسی وقت اور کسی حال میں نظروں سے اوجھل نہ ہونے دیا جائے بلکہ ان کا اعادہ بہرحال دعوت

کے ہر مرحلے میں ہوتا رہے۔ یہی وجہ ہے کہ دعوت اسلامی کے ایک مرحلے میں قرآن کی جتنی سورتیں نازل ہوئی ہیں ان سب میں بالعموم ایک ہی قسم کے مضامین الفاظ اور انداز بیان بدل بدل کر آئے ہیں۔ مگر توحید اور صفاتِ الہیٰ، آخرت اور اس کی بازپرس اور جزا و سزا، رسالت اور ایمان بالکتاب، تقویٰ اور صبر و توکل اور اسی قسم کے دُوسرے بنیادی مضامین کی تکرار پورے قرآن میں نظر آتی ہے کیونکہ اس تحریک کے کسی مرحلے میں بھی ان سے غفلت گوارا نہیں کی جاسکتی تھی۔ یہ بنیادی تصوّرات اگر ذرا بھی کمزور ہو جاتے تو اسلام کی یہ تحریک اپنی صحیح روح کے ساتھ نہ چل سکتی۔ اگر غور کیا جائے تو اسی بیان سے سوال بھی حل ہو جاتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کو اسی ترتیب کے ساتھ کیوں نہ مرتب کر دیا جس کے ساتھ وہ نازل ہوا تھا۔

## ترتیب Order

**As we noted, the context in which the Quran was revealed in the course of twenty three years was the mission and the movement of the Prophet (peace be upon him); the revelations correspond to the various stages of this mission and movement.**

اُوپر آپ کو معلوم ہو چکا ہے کہ تئیں سال تک قرآن کا نزول اس ترتیب سے ہوتا رہا جس ترتیب سے دعوت کا آغاز اور اس کا ارتقاء ہوا۔

**Now, it is evident that when the Prophet’s (peace be upon him) mission was completed, the chronological sequence of the various parts of the Quran - revealed in accordance with the growth of the Prophet’s (peace be upon him) mission - could in no way be suitable to the changed situation. What was now required was a different sequence in tune with the changed context resulting from the completion of the mission. Initially, the Prophet’s (peace be**

upon him) message was addressed to people totally ignorant of Islam. Their instruction had to start with the most elementary things. After the mission had reached to a successful completion, the Quran acquired a compelling relevance for those who had decided to believe in the Prophet (peace be upon him). By virtue of that belief they had become a new religious community - the Muslim *ummah*. Not only that, they had been made responsible for carrying on the Prophet's (peace be upon him) mission, which he had bequeathed to them, in a perfect form, both on conceptual and practical levels. It was no longer necessary for Quranic verses to be arranged in chronological sequence. In the changed context, it had become necessary for the bearers of the mission of the Prophet (peace be upon him) to be informed of their duties and of the true principles and laws governing their lives. They also had to be warned against corruptions which had appeared among the followers of earlier Prophets. All this was necessary in order to equip the Muslims to go out and offer the light of Divine Guidance to the world steeped in darkness.

اب یہ ظاہر ہے کہ دعوت کی تکمیل کے بعد ان نازل شدہ اجزاء کے لیے وہ ترتیب کسی طرح درست نہ ہو سکتی تھی جو صرف ارتقاء دعوت ہی کے ساتھ مناسبت رکھتی تھی۔ اب تو ان کے لیے ایک دوسری ہی ترتیب درکار تھی جو تکمیل دعوت کے بعد کی صورت حال کے لیے زیادہ مناسب ہو۔ کیونکہ ابتداء میں اس کے مخاطب اول وہ لوگ تھے جو اسلام سے ناآشنائے محض تھے، اس لیے اس وقت بالکل نقطہ آغاز سے تعلیم وتلقین شروع کی گئی۔ مگر تکمیلِ دعوت کے بعد اس کے مخاطب اول وہ لوگ ہوگئے جو اس پر ایمان لاکر ایک امت بن چکے تھے اور اس کام کو جاری رکھنے کے ذمہ دار قرار پائے تھے جسے پیغمبر نے نظریے اور

عمل، دونوں حیثیتوں سے مکمل کر کے ان کے حوالے کیا تھا۔ اب لامحالہ مقدم چیز یہ ہوگئی کہ پہلے یہ لوگ خود اپنے فرائض سے، اپنے قوانین حیات سے اور ان فتنوں سے جو پچھلے پیغمبروں کی امتوں میں رونما ہوتے رہے ہیں، اچھی طرح واقف ہولیں، پھر اسلام سے بیگانہ دنیا کے سامنے خدا کی ہدایت پیش کرنے کے لیے آگے بڑھیں۔

It would be foreign to the very nature of Quran to group together in one place all verses relating to specific subject; the nature of the Quran requires that the reader should find teachings revealed during the Madani period interspersed with those of the Makkan period, and vice versa. It requires the juxtaposition of early discourses with instructions from the later period of the life of the Prophet (peace be upon him). This blending of the teachings from different periods helps to provide an overall view and an integrated perspective of Islam, and acts as a safeguard against lop-sidedness.

علاوہ بریں قرآن مجید جس طرز کی کتاب ہے اسے اگر آدمی اچھی طرح سمجھ لے تو اس پر خود ہی یہ حقیقت منکشف ہو جائے گی کہ ایک ایک طرح کے مضامین کو ایک ایک جگہ جمع کرنا اس کتاب کے مزاج ہی سے مطابقت نہیں رکھتا۔ اس کے مزاج کا تو تقاضا یہی ہے کہ اس کے پڑھنے والے کے سامنے مدنی مرحلے کی باتیں ملی دور والی تعلیم کے درمیان، اور ملی مرحلے کی باتیں مدنی دور والی تقریروں کے درمیان، اور ابتدا کی گفتگوئیں آخر کی تلقینات کے بیچ میں، اور آخری دور کی ہدایات آغاز کار کی تعلیمات کے پہلو میں بار بار آتی چلی جائیں تاکہ اسلام کا پورا منظر اور جامع نقشہ اسکی نگاہ میں رہے اور کسی وقت بھی وہ یک رُخا نہ ہونے پائے۔

Furthermore, a chronological arrangement of the Quran would have been meaningful to the later generations only if it had been supplemented with explanatory notes and these had to be treated as inseparable appendices to the Quran.

This would have been quite contrary to Allah's purpose in revealing the Quran; the main purpose of its revelation was that all human beings, children and young people, old men and women, town and country dwellers, laymen and scholars should be able to refer to the Divine Guidance available to them in composite form and providentially secured against adulteration. This was necessary to enable people of every level of intelligence and understanding to know what Allah required of them. This purpose would have been defeated had the reader been obliged solemnly to recite detailed historical notes and explanatory comments along with the Book of Allah. Those who object to the present arrangement of the Quran appear to be suffering from a misapprehension as to its true purpose. They sometimes almost seem under the illusion that it was revealed merely for the benefit of students of history and sociology.

پھر اگر قرآن کو اس کی نزولی ترتیب پر مرتب کیا بھی جاتا تو وہ ترتیب بعد کے لوگوں کے لیے صرف اسی صورت میں بامعنی ہو سکتی تھی جبکہ قرآن کے ساتھ اس کی پوری تاریخِ نزول اور اس کے ایک ایک جز کی کیفیت نزول و شان نزول لکھ کر لگا دی جاتی اور وہ لازمی طور پر قرآن کا ایک ضمیمہ بن کر رہتی۔ یہ بات اُس مقصد کے خلاف تھی جس کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کا یہ مجموعہ مرتب اور محفوظ کرایا تھا۔ وہاں تو پیش نظر چیز ہی یہ تھی کہ خالص کلام الٰہی بغیر کسی دوسرے کلام کی آمیزش کے، اپنی مختصر صورت میں مرتب ہو، جسے بچے، جوان، بوڑھے، عورت، مرد، شہری، دیہاتی، عامی، عالِم، سب پڑھیں، ہر زمانے میں اور ہر جگہ ہر حالت میں پڑھیں، اور ہر مرتبہ عقل و دانش کا انسان کم از کم یہ بات ضرور جان لے کہ اس کا خدا اس سے کیا چاہتا ہے اور کیا نہیں چاہتا۔ ظاہر ہے کہ یہ مقصد فوت ہو جاتا اگر اس مجموعہ کلام الٰہی کے ساتھ ایک لمبی چوڑی تاریخ بھی لگی ہوئی ہوتی اور اس کی تلاوت بھی لازم کر دی جاتی۔

حقیقت یہ ہے کہ قرآن کی موجودہ ترتیب پر جو لوگ اعتراض کرتے ہیں، وہ اس کتاب کے مقصد و مدّعا سے صرف نابلد ہی نہیں ہیں، بلکہ کچھ اس غلط فہمی میں بھی مبتلا معلوم ہوتے ہیں کہ یہ کتاب محض علم تاریخ اور فلسفہ عمران کے طلبہ ہی کے لیے نازل ہوئی ہے۔

## Compilation

**The present arrangement of the Quran is not the work of later generations, but was made by the Prophet (peace be upon him) under Allah's directions. Whenever a Surah was revealed, the Prophet (peace be upon him) summoned his scribes, to whom he carefully dictated its contents, and instructed them where to place it in relation to the other Suras. The Prophet (peace be upon him) followed the same order of Suras and verses when reciting during ritual Prayer as on other occasions, and his companions followed the same practice in memorizing the Quran. It is therefore a historical fact that the collection of the Quran came to an end on the very day that its revelation ceased. The One who was responsible for its revelation was also the One who fixed its arrangement.**

**The one whose heart was the receptacle of the Quran was also responsible for arranging its sequence. This was far too important and too delicate a matter for anyone else to become involved in.**

ترتیب قرآن کے سلسلے میں یہ بات بھی ناظرین کو معلوم ہونی چاہیے کہ یہ ترتیب بعد کے لوگوں کی دی ہوئی نہیں ہے، بلکہ خود اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے تحت نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہی نے قرآن کو اس طرح مرتب فرمایا تھا۔ قاعدہ یہ تھا کہ جب کوئی سورۃ نازل ہوتی تو آپ اُسی وقت اپنے کاتبوں میں سے کسی کو بلاتے اور اس کو ٹھیک ٹھیک قلمبند کرانے کے بعد ہدایت فرمادیتے کہ یہ سورہ فلاں سورہ کے بعد اور فلاں سورہ سے

پہلے رکھی جائے۔ اسی طرح اگر قرآن کا کوئی ایسا حصہ نازل ہوتا جس کو مستقل سورہ بنانا پیش نظر نہ ہوتا، توآپ ہدایت فرما دیتے تھے کہ اسے فلاں سورہ میں فلاں مقام پر درج کیا جائے۔ پھر اس ترتیب سے آپ خود بھی نماز میں اور دُوسرے مواقع پر قرآن مجید کی تلاوت فرماتے تھے اور اسی ترتیب کے مطابق صحابہ کرام بھی اس کو یاد کرتے تھے۔ لہٰذا یہ ایک ثابت شدہ تاریخی حقیقت ہے کہ قرآن مجید کا نزول جس روز مکمل ہوا اسی روز اس کی ترتیب بھی مکمل ہوگئی۔ جو اس کا نازل کرنے والا تھا وہی اس کا مرتب کرنے والا بھی تھا۔ جس کے قلب پر وہ نازل کیا گیا اسی کے ہاتھوں اسے مرتب بھی کرا دیا گیا۔ کسی دوسرے کی مجال نہ تھی کہ اس میں مداخلت کرتا۔

**Since Prayers were obligatory for the Muslims from the very outset of the Prophet's (peace be upon him) mission, (It should be noted that while five daily Prayers were made obligatory several years after the Prophet (peace be upon him) was commissioned, Prayers were obligatory from the very outset; not a single moment elapsed when Prayers, as such, were not obligatory in Islam) and the recitation of the Quran was an obligatory part of the Prayers, Muslims were committing the Quran to memory while its revelation was continued.**

**Thus, as soon as a fragment of the Quran was revealed, it was memorized by some of the companions. Hence the preservation of the Quran was not solely dependent on its verses being inscribed on palm leaves, pieces of bone, leather and scraps of parchment - the material used by the Prophet's (peace be upon him) scribes for writing down Quranic verses. Instead those verses came to be inscribed upon scores, then hundreds, then thousands, then hundreds of thousands of human hearts, soon after they had been revealed, so that no scope was left for any devil to alter so**

**much as one word of them.**

چونکہ نماز ابتدا ہی سے مسلمانوں پر فرض تھی اور تلاوت قرآن کو نماز کا ایک ضروری جز قرار دیا گیا تھا اس لیے نزول قرآن کے ساتھ ہی مسلمانوں میں حفظ قرآن کا سلسلہ جاری ہوگیا اور جیسے جیسے قرآن اترتا گیا مسلمان اس کو یاد بھی کرتے چلے گئے۔ اس طرح قرآن کی حفاظت کا انحصار صرف کھجور کے ان پتوں اور ہڈی اور جھلی کے ان ٹکڑوں ہی پر نہ تھا جن پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے کاتبوں سے اس کو قلمبند کرایا کرتے تھے، بلکہ وہ اترتے ہی بیسیوں، پھر سینکڑوں، پھر ہزاروں، پھر لاکھوں دلوں پر نقش ہو جاتا تھا اور کسی شیطان کے لیے اس کا امکان ہی نہ تھا کہ اس میں ایک لفظ کا بھی ردّو بدل کر سکے۔ واضح رہے کہ پنج وقتہ نماز تو بعثت کے کئی سال بعد فرض ہوئی، لیکن نماز بجائے خود اول روز ہی سے فرض تھی۔ اسلام کی کوئی ساعت کبھی ایسی نہیں گزری ہے جس میں نماز فرض نہ ہو۔

**When, after the death of Prophet (peace be upon him), the storm of apostasy convulsed Arabia and the companions had to plunge into bloody battles to suppress it, many companions who had memorized the Quran suffered martyrdom. This led Umar to plead that the Quran ought to be preserved in writing, as well as orally. He therefore impressed the urgency upon Abu Bakr. After slight hesitation, the later agreed and entrusted the task to Zayd ibn Thabit al-ansari, who had worked as a scribe of the Prophet (peace be upon him). (For an account of the early history of the Quran see Subhi-al salih, *Mabahith fi Ulum al-Quran*, Beriut, 1977, pp. 65 ff Ed). The procedure decided upon was to try and collect all written pieces of the Quran left behind by the Prophet, as well as those in the possession of the companions. (There are authentic traditions to the effect that several companions had committed the entire Quran, or many parts of it, to writing**

**during the lifetime of the Prophet. Especially mentioned in this connection are the following companions of the Prophet: Uthman, Ali, Abd Allah bin Masud, Abd Allah bin Amr al Aas, Salim themawla of Hudhayfah, Muaudh bin Jabal, Ubbay bin Kaab, and Abu Zayd Qays bin al-Sakan.) When all this had been done, assistance was sought from those who had memorized the Quran. No verse was incorporated into the Quranic codex unless all three sources were found to be in complete agreement, and every criterion of verification had been satisfied. Thus an authentic version of the Quran was prepared. It was kept in the custody of Hafsah (a wife of the Holy Prophet) and people were permitted to make copies of it and also to use it as the standard of comparison when rectifying the mistakes they might have made in writing down the Quran.**

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد جب عرب میں اِرتداد کا طوفان اٹھا اور اس کے فرو کرنے کے لیے صحابہ کرام کو سخت خونریز لڑائیاں لڑنی پڑیں، تو ان معرکوں میں ایسے صحابہ کی ایک کثیر تعداد شہید ہوگئ جن کو پورا قرآن حفظ تھا۔ اس سے حضرت عمرؓ کو خیال پیدا ہوا کہ قرآن کی حفاظت کے معاملے میں صرف ایک ہی ذریعے پر اعتماد کر لینا مناسب نہیں ہے، بلکہ الواحِ قلب کے ساتھ ساتھ صفحاتِ قرطاس پر بھی اس کو محفوظ کرنے کا انتظام کر لینا چاہیے۔ چنانچہ اس کام کی ضرورت انہوں نے حضرت ابوبکرؓ پر واضح کی اور انہوں نے کچھ تامّل کے بعد اس سے اتفاق کر کے حضرت زید بن ثابت انصاری کو، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کاتب سیکرٹری رہ چکے تھے اس خدمت پر مامور فرمایا۔ قاعدہ یہ مقرر کیا گیا کہ ایک طرف تو وہ تمام لکھے ہوئے اجزا فراہم کر لیے جائیں جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑے ہیں دوسری طرف صحابہ ء کرام میں سے بھی جس جس کے پاس قرآن یا اس کا کوئی حصہ لکھا ہوا ملے، وہ ان سے لے لیا جائے اور پھر حفاظ قرآن سے بھی مدد لی جائے، اور ان تینوں ذرائع کی متفقہ شہادت پر کامل صحت کا اطمینان کرنے کے بعد، قرآن کا ایک ایک

لفظ مصحف میں ثبت کیا جائے۔ اس تجویز کے مطابق قرآن مجید کا ایک مستند نسخہ کر کے ام المومنین حضرت حفصہؓ کے ہاں رکھوا دیا گیا اور لوگوں کو عام اجازت دے دی گئی کہ جو چاہے اس کی نقل کرے اور جو چاہے اس سے مقابلہ کر کے اپنے نسخے کی تصحیح کر لے۔

## Difference of Dialects بولیوں اور ادائیگی کا فرق

In different parts of Arabia and among its numerous tribes their existed a diversity of dialects. The Quran was revealed in the language spoken by the Quraish of Makkah. Nevertheless, in the beginning, people of other areas and other tribes were permitted to recite it according to their own dialects and idioms, since it facilitated its recitation without affecting its substantive meaning. In course of time, in the wake of the conquest of a sizeable part of the world outside of the Arabian peninsula, a large number of non-Arabs entered the fold of Islam. These developments affected the Arabic idiom and it was feared that the continuing use of various dialects in the recitation of the Quran might give rise to grave problems. It was possible, for instance, that someone hearing the Quran in unfamiliar dialect might pick a fight with the reciter, thinking that the later was deliberately distorting the Word of Allah. It was also possible that such differences might gradually lead to the tampering of the Quran itself. It was also not inconceivable that the hybridization of the Arabic language, due to the intermixture between the Arabs and non-Arabs, might lead people to introduce modifications into the Quranic text, thus imparting the grace of the Speech of Allah. As a result of such considerations, and after

**consultations with the companions of the Prophet (peace be upon him), Uthman decided that copies of the standard edition of the Quran, prepared earlier at the order of Abu Bakr, should be published, and that publication of the Quranic text in any other dialect or idiom should be proscribed.**

عرب میں مختلف علاقوں اور قبیلوں کی بولیوں میں ویسے ہی فرق پائے جاتے تھے جیسے ہمارے ملک میں شہر شہر کی بولی اور ضلع ضلع کی بولی میں فرق ہے، حالانکہ زبان سب کی وہی ایک اُردو یا پنجابی یا بنگالی وغیرہ ہے۔ قرآن مجید اگرچہ نازل اس زبان میں ہوا تھا جو مکہ میں قریش کے لوگ بولتے تھے، لیکن ابتداءً اس امر کی اجازت دے دی گئی تھی کہ دوسرے علاقوں اور قبیلوں کے لوگ اپنے اپنے لہجے اور محاورے کے مطابق اسے پڑھ لیا کریں، کیونکہ اس طرح معنی میں کوئی فرق نہیں پڑتا تھا، صرف عبارت اُن کے لیے ملائم ہو جاتی تھی۔ لیکن رفتہ رفتہ جب اسلام پھیلا اور عرب کے لوگوں نے اپنے ریگستان سے نکل کر دنیا کے ایک بڑے حصے کو فتح کر لیا اور دوسری قوموں کے لوگ بھی دائرہ اسلام میں آنے لگے اور بڑے پیمانے پر عرب و عجم کے اختلاط سے عربی زبان متاثر ہونے لگی، تو یہ اندیشہ پیدا ہوا کہ اگر اب بھی دوسرے لہجوں اور محاوروں کے مطابق قرآن پڑھنے کی اجازت باقی رہی تو اس سے طرح طرح کے فتنے کھڑے ہو جائیں گے۔ مثلاً یہ کہ ایک شخص کسی دوسرے شخص کو غیر مانوس طریقے پر کلام اللہ کی تلاوت کرتے ہوئے سنے گا اور یہ سمجھ کر اس سے لڑ پڑے گا کہ وہ دانستہ کلام الٰہی میں تحریف کر رہا ہے۔ یا یہ کہ یہ لفظی اختلافات رفتہ رفتہ واقعی تحریفات کا دروازہ کھول دیں گے۔ یا یہ کہ عرب و عجم کے اختلاط سے جن لوگوں کی زبان بگڑے گی وہ اپنی بگڑی ہوئی زبان کے مطابق قرآن میں تصرف کر کے اس کے حسن کلام کو بگاڑ دیں گے۔ ان وجوہ سے حضرت عثمانؓ نے صحابہ کرام کے مشورے سے یہ طے کیا کہ تمام ممالکِ اسلامیہ میں صرف اس معیاری نسخۂ قرآن کی نقلیں شائع کی جائیں جو حضرت ابو بکرؓ کے حکم سے ضبط تحریر میں لایا گیا تھا اور باقی تمام دُوسرے لہجوں اور محاوروں پر لکھے ہوئے مصاحف کی اشاعت ممنوع قرار دے دی جائے۔

**The Quran that we possess today corresponds exactly to the**

**edition which was prepared on the orders of Abu Bakr and copies of which were officially sent, on the orders of Uthman, to various cities and provinces. Several copies of this original edition of Quran still exist today.**

**Anyone who entertains any doubt as to the authenticity of the Quran can satisfy himself by obtaining a copy of the Quran from any bookseller, say in West Africa, and then have a hafiz (memorizer of the Quran) recite it from memory, compare the two, and then compare these with the copies of the Quran published through the centuries since the time of Uthman. If he detects any discrepancy, even in single letter or syllable, he should inform the whole world of his great discovery! Not even the most skeptical person has a reason to doubt the Quran as we know today is identical with the Quran which Muhammad (peace be upon him) set before the world; this is an unquestionable, objective, historical fact, and there is nothing in human history on which the evidence is so overwhelmingly strong and conclusive. To doubt the authenticity of the Quran is like doubting the existence of Roman empire, the Mughals of India, or Napolean! To doubt historical facts like these is a sign of stark ignorance, not a mark of erudition and scholarship.**

آج جو قرآن ہمارے ہاتھوں میں ہے، یہ ٹھیک ٹھیک اسی مصحفِ صدّیقی کے مطابق ہے جس کی نقلیں حضرت عثمانؓ نے سرکاری اہتمام سے تمام دیار و امصار میں بھجوائی تھیں اس وقت بھی دُنیا میں متعدّد مقامات پر قرآن کے وہ مستند نسخے موجود ہیں۔ کسی کو اگر قرآن کی محفوظیت میں ذرہ برابر بھی شک ہو تو وہ اپنا اطمینان اس طرح کر سکتا ہے کہ مغربی افریقہ میں کسی کتاب فروش سے قرآن کا ایک نسخہ خریدے اور جاوا میں

کسی حافظ سے زبانی قرآن سن کر اس کا مقابلہ کرے، اور پھر دنیا کی بڑی بڑی لائبریریوں میں حضرت عثمانؓ کے وقت سے لے کر آج تک مختلف صدیوں کے لکھے ہوئے جو مصاحف رکھے ہیں، ان سے اس کا تقابل کر لے۔ اگر کسی حرف یا شوشے کا فرق وہ پائے تو اس کا فرض ہے کہ دُنیا کو اس سب سے بڑے تاریخی انکشاف سے ضرور مطلع کرے۔ کوئی شک نواز قرآن کے منزّل من اللہ ہونے میں شک کرنا چاہے تو کر سکتا ہے، لیکن یہ بات کہ جو قرآن ہمارے ہاتھ میں ہے یہ بلا کسی کمی بیشی کے ٹھیک وہی قرآن ہے جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کے سامنے پیش کیا تھا، یہ تو ایک ایسی تاریخی حقیقت ہے جس میں کسی شک کی گنجائش ہی نہیں ہے۔ انسانی تاریخ میں کوئی دوسری چیز ایسی نہیں پائی جاتی جو اس قدر قطعی الثبوت ہو۔ اگر کوئی شخص اس کی صحت میں شک کرتا ہے تو وہ پھر اس میں بھی شک کر سکتا ہے کہ رومن امپائر نامی کوئی سلطنت دنیا میں رہ چکی ہے، اور کبھی مغل ہندوستان پر حکومت کر چکے ہیں، اور "نپولین" نام کا کوئی شخص بھی دنیا میں پایا گیا ہے۔ ایسے ایسے تاریخی حقائق پر شکوک کا اظہار کرنا علم کا نہیں، جہالت کا ثبوت ہے۔

## Universality

It is well known that the Quran claims to be capable of guiding all mankind. Yet the student of the Quran finds it generally addressed to the people of Arabia, who lived in the time of its revelation. Although the Quran occasionally addresses itself to all mankind, its contents are, on the whole, vitally related to the taste and the temperament, the environment and history, and the customs and usages of Arabia. When one notices this, one begins to question why a Book which seeks to guide all mankind to salvation should assign such importance to certain aspects of a particular people's life, and to the things belonging to a particular age and time. Failure to grasp the real cause of this may lead one to believe that the Book was originally designed to reform the Arabs of the particular age alone, and it is only

**the people of later times who have forced upon the Book an altogether novel interpretation, proclaiming that its aim is to guide all mankind for all time.**

قرآن کے اس دعوے سے ہر کہ وہ واقف ہے کہ وہ تمام نوع انسانی کی ہدایت کے لیے آیا ہے ۔ لیکن جب کوئی شخص اس کو پڑھنے بیٹھتا ہے تو دیکھتا ہے کہ اس کا رُوئے سخن زیادہ تر اپنے زمانہ نزول کے اہل عرب کی طرف ہے۔ اگرچہ کبھی کبھی وہ بنی آدم اور عامۃ النا س کو بھی پکارتا ہے، لیکن اکثر باتیں وہ ایسی کہتا ہے جو عرب کے مذاق، عرب ہی کے ماحول، عرب ہی کی تاریخ ، اور عرب ہی کے رسم و رواج سے ربط و تعلق رکھتی ہیں۔ ان چیزوں کو دیکھ کر آدمی سوچنے لگتا ہے کہ جو چیز عام انسانوں کی ہدایت کے لیے اُتاری گئی تھی اس میں وقتی اور مقامی اور قومی عنصر اتنا زیادہ کیوں ہے ؟ اس معاملے کی حقیقت کو نہ سمجھنے کی وجہ سے بعض لوگ اس شک میں پڑ جاتے ہیں کہ شاید یہ چیز اصل میں تو اپنے ہم عصر اہل عرب ہی کی اصلاح کے لیے تھی، لیکن بعد میں زبر دستی کھینچ تان کر اسے تمام انسانوں کے لیے اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے کتاب ہدایت قرار دے دیا گیا۔

**Some might say this with no other purpose than to vent their irrational prejudice against Islam. Leaving such people aside, a word may be said to those whose critical comments are motivated by the desire to understand things better. The latter would do well to study the Quran carefully, noting down any places where they find that it has propounded any doctrine or concept, or laid down some rule for practical conduct, relevant for the Arabs alone and exclusively conditioned by the peculiarities of a certain place or time. If, while addressing the people of certain area at a particular period of time, attempting to refute their polytheistic beliefs and adducing arguments in support of its own doctrine of the unity of Allah, the Quran draws upon facts with which those people were familiar, this does**

**not warrant the conclusion that its message is relevant only for that particular people or for that particular period of time. What ought to be considered is whether or not the Quranic statements on refutation of the polytheistic beliefs of the Arabs of those days apply as well to other forms of polytheism in other parts of world. Can the arguments advanced by the Quran in that connection be used to rectify the beliefs of other polytheists? Is the Quranic line of argument for establishing the unity of Allah, with minor adaptations, valid and persuasive for every age? If the answers are positive, there is no reason why a universal teaching should be dubbed exclusive to a particular people and merely because it happened to be addressed originally to that people and at that particular period of time. No philosophy, ideology or doctrine consists only of mere abstractions and is totally unrelated to the circumstances in which it developed. Even if such an absolute abstraction were possible it would remain confined to the scraps of paper on which it was written and would fail totally to have an impact on human life.**

جو شخص یہ اعتراض محض اعتراض کی خاطر نہیں اٹھاتا، بلکہ فی الواقع اسے سمجھنا چاہتا ہے اسے میں مشورہ دوں گا کہ وہ پہلے خود قرآن کو پڑھ کر ذرا ان مقامات پر نشان لگائے جہاں اس نے کوئی ایسا عقیدہ، یا خیال ، یا تصوّر پیش کیا ہو، یا کوئی ایسا اخلاقی اصول ، یا عملی قاعدہ وضابطہ بیان کیا ہو جو صرف عرب ہی کے لیے مخصوص ہو، اور جس کو وقت اور زمانے اور مقام نے فی الواقع محدُود کر رکھا ہو۔ محض یہ بات کہ وہ ایک خاص مقام اور زمانے کے لوگوں کو خطاب کر کے ان کے مشرکانہ عقائد اور رسوم کی تردید کرتا ہے، اور انھی کے گردوپیش کی چیزوں کو مواد استدلال کے طور پر لے کر توحید کے دلائل قائم کرتا ہے، یہ فیصلہ کر دینے کے لیے کافی نہیں

ہے کہ اس کی دعوت اور اس کا اپیل بھی وقتی اور مقامی ہے۔ دیکھنا یہ چاہیے کہ شرک کی تردید میں جو کچھ وہ کہتا ہے کیا وہ دُنیا کے ہر شرک پر اسی طرح چسپاں نہیں ہوتا جس طرح مکین عرب کے شرک پر چسپاں ہوتا تھا؟ کیا انھی دلائل کو ہم ہر زمانے اور ہر ملک کے مشرکین کی اصلاح خیال کے لیے استعمال نہیں کر سکتے؟ اور کیا اثبات توحید کے لیے قرآن کے طرز استدلال کو تھوڑے سے ردّوبدل کے ساتھ ہر وقت ہر جگہ کام میں نہیں لایا جا سکتا؟ اگر جواب اثبات میں ہے تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ ایک عالمگیر تعلیم کو صرف اس بنا پر وقتی و مقامی قرار دیا جائے کہ ایک خاص وقت میں ایک خاص قوم کو خطاب کر کے وہ پیش کی گئی تھی۔ دُنیا کا کوئی فلسفہ اور کوئی نظام زندگی اور کوئی مذہب فکر ایسا نہیں ہے جس کی ساری باتیں از اوّل تا آخر تجریدی **Abstract** طرز بیان میں پیش کی گئی ہوں اور کسی متعین حالت یا صورت پر اس کو چسپاں کر کے ان کی توضیح نہ کی گئی ہو۔ ایسی مکمل تجرید اوّل تو ممکن نہیں ہے، اور ممکن ہو بھی تو جو چیز اس طریقے پر پیش کی جائے گی وہ صرف صفحہ کاغذ ہی پر رہ جائے گی، انسانوں کی زندگی میں اس کا جذب ہو کر ایک عملی نظام میں تبدیل ہونا محال ہے۔

**Moreover, if one wishes to spread any intellectual, moral and cultural movement on an international scale, it is by no means essential, in fact it is not even useful, for it to start on a global scale. If one wishes to propagate certain ideas, concepts and principles as the right bases for human life, one should begin by propagating them vigorously in the country where the message originates, and to the people whose language, temperament, customs and habits are familiar to its proponents. It will thus be possible to transform the lives of the people into a practical model of the message.**

**Only then will it be able to attract the attention of other nations, and intelligent people living elsewhere will also try to understand it and to spread it in their own lands. Indeed, what marks out a time-bound and a particularistic national doctrine from an eternal universal one, is the fact that the**

**former either seek to exalt a people or to claim special privileges for it or else comprises ideas and principles so vitally related to the people's life and tradition as to tender it totally inapplicable to the conditions of other peoples. A universal doctrine, on the other hand, is willing to accord equal rights and status to all, and its principles have an international character in that they are equally applicable to other nations. Likewise, the validity of those doctrines which seek to come to grips merely with questions of a transient and superficial nature is time-bound. If one studies the Quran with these considerations in mind, can one really conclude that it has only a particularistic national character, and that its validity is therefore time-bound?**

پھر کسی فکری واخلاقی اور تمدّنی تحریک کو اگر بین الاقوامی پیمانے پر پھیلانا مقصود ہو، تو اس کے لیے بھی یہ قطعاً ضروری نہیں ہے، بلکہ سچ یہ ہے کہ مفید بھی نہیں ہے، کہ شروع سے اس کو بالکل ہی بین الاقوامی بنانے کی کوشش کی جائے۔ در حقیقت اس کا صحیح عملی طریقہ صرف ایک ہی ہے، اور وہ یہ ہے کہ جن افکار اور نظریات اور اصولوں پر وہ تحریک انسانی زندگی کے نظام کو قائم کرنا چاہتی ہے، انہیں پوری قوت کے ساتھ خود اس ملک میں پیش کیا جائے جہاں سے اس کی دعوت اٹھی ہو، ان لوگوں کے ذہن نشین کیا جائے جن کی زبان اور مزاج اور عادات و خصائل سے اس تحریک کے داعی بخوبی واقف ہوں، اور پھر اپنے ہی ملک میں ان اصولوں کو عملاً برت کر اور ان پر ایک کامیاب نظام زندگی چلا کر دنیا کے سامنے نمونہ پیش کیا جائے۔ تبھی دوسری قومیں اس کی طرف توجہ کریں گی اور ان کے ذہین آدمی خود آگے بڑھ کر اسے سمجھنے اور اپنے ملک میں رواج دینے کی کوشش کریں گے۔ لہٰذا محض یہ بات کہ کسی نظام فکر و عمل کو ابتداءً ایک ہی قوم کے سامنے پیش کیا گیا تھا، اور استدلال کا سارا زور اسی کو سمجھانے اور مطمئن کرنے پر صرف کر دیا گیا تھا، اس امر کی دلیل نہیں ہے کہ وہ نظام فکر و عمل محض قومی ہے۔ فی الواقع جو خصوصیات ایک قومی نظام کو ایک بین الاقوامی نظام سے اور ایک وقتی نظام کو ایک ابدی نظام سے ممیز کرتی ہیں وہ یہ ہیں کہ قومی نظام یا تو ایک قوم کی

برتری اور اس کے مخصوص حقوق کا مدعی ہوتا ہے ، یا اپنے اندر کچھ ایسے اُصول اور نظریات رکھتا ہے جو دوسری اقوام میں نہیں چل سکتے۔ اس کے برعکس جو نظام بین الاقوامی ہوتا ہے وہ تمام انسانوں کو برابر کا درجہ اور برابر کے حقوق دینے کے لیے تیار ہوتا ہے اور اس کے اُصولوں میں بھی عالمگیریت پائی جاتی ہے۔

اسی طرح ایک وقتی نظام لازمی طور پر اپنی بنیاد کچھ ایسے اصولوں پر رکھتا ہے جو زمانے کی چند پلٹیوں کے بعد صریحاً ناقابل عمل ہوجاتے ہیں، اور اس کے برعکس ایک ابدی نظام کے اصول تمام بدلتے ہوئے حالات پر منطبق ہوتے چلے جاتے ہیں۔ ان خوصیات کو نگاہ میں رکھ کر کوئی شخص خود قرآن کو پڑھے اور ان چیزوں کو ذرا متعین کرنے کی کوشش کرے جن کی بنا پر واقعی یہ گمان کیا جا سکتا ہو کہ قرآن کا پیش کردہ نظام وقتی اور قومی ہے۔

## Complete Code

**Those who embark upon a study of Quran often proceed with the assumption that this Book is, as it is commonly believed to be, a detailed code of guidance. However, when they actually read it, they fail to find detailed regulations regarding social, political and economic matters. In fact, they notice that the Quran has not laid down detailed regulations even in respect of such oft repeated subjects as Prayers and Zakah (Purifying alms). The reader finds this somewhat disconcerting and wonders in what sense the Quran can be considered a code of guidance.**

قرآن کے متعلق یہ بات بھی ایک عام ناظر کے کان میں پڑی ہوئی ہوتی ہے کہ یہ ایک مفصل ہدایت نامہ اور ایک کتاب آئین ہے۔ مگر جب وہ اسے پڑھتا ہے تو اس میں معاشرت اور تمدّن اور سیاست اور معیشت وغیرہ کے تفصیلی احکام وضوابط اس کو نہیں ملتے۔ بلکہ وہ دیکھتا ہے کہ نماز اور زکوٰۃ جیسے فرائض کے متعلق بھی جن پر قرآن بار بار اس قدر زور دیتا ہے ، اس نے کوئی ایسا ضابطہ تجویز نہیں کیا ہے جس میں تمام ضروری احکام کی تفصیل درج ہو۔ یہ چیز آدمی کے ذہن میں خلجان پیدا کرتی ہے کہ آخر یہ کس معنی میں ہدایات نامہ ہے۔

**The uneasiness some people feel about this arises because they forget that Allah did not merely reveal a Book, but that He also designated a Prophet (peace be upon him). Suppose some laymen were to be provided with the bare outlines of a construction plan on the understanding that they would carry out the construction as they wished. In such a case, it would be reasonable to expect that they should have very elaborate directives as to how the construction should be carried out. Suppose, however, that along with the broad outline of the plan of construction, they were also provided with a competent engineer to supervise the task. In that case, it would be quite unjustifiable to disregard the work of the engineer, on the expectation that detailed directives would form an integral part of the construction plan, and then to complain of imperfection in the plan itself. (This analogy should elucidate the position of the Prophet (peace be upon him) vis-a-vis the Quran, for he clarified and elaborated the Quran, supplementing its broad general principles by giving them precise and detailed forms, and incorporating them into practical life, his own as well as that of his followers.**

اس معاملے میں ساری اُلجھن صرف اس لیے پیدا ہوتی ہے کہ آدمی کی نگاہ سے حقیقت کا ایک پہلو بالکل اوجھل رہ جاتا ہے، یعنی یہ کہ خدا نے صرف کتاب ہی نازل نہیں کی تھی بلکہ ایک پیغمبر بھی مبعوث فرمایا تھا۔ اگر اصل اسکیم یہ ہوکہ بس ایک نقشہ تعمیر لوگوں کو دے دیا جائے اور لوگ اس کے مطابق خود عمارت بنا لیں، تو اس صورت میں بلا شبہ تعمیر کے ایک ایک جزُ کی تفصیل ہم کو ملنی چاہیے۔ لیکن جب تعمیری ہدایات کے ساتھ ایک انجینئر بھی سرکاری طور پر مقرر کیا جائے اور وہ ان ہدایات کے مطابق ایک عمارت بنا کر کھڑی

کر دے، تو پھر انجینئر اور اس کی بنائی ہوئی عمارت کو نظر انداز کر کے صرف نقشے ہی میں تمام جزئیات کی تفصیل تلاش کرنا، اور پھر اسے نہ پاکر نقشے کی ناتمامی کا شکوہ کرنا غلط ہے۔ قرآن جزئیات کی کتاب نہیں ہے بلکہ اُصول اور کلیات کی کتاب ہے۔ اس کا اصل کام یہ ہے کہ نظام اسلامی کی فکری اور اخلاقی بنیادوں کو پوری وضاحت کے ساتھ نہ صرف پیش کرے بلکہ عقلی استدلال اور جذباتی اپیل، دونوں کے ذریعے سے خوب مستحکم بھی کر دے۔ اب رہی اسلامی زندگی کی عملی صورت، تو اس معاملے میں وہ انسان کی رہنمائی اس طریقے سے نہیں کرتا کہ زندگی کے ایک ایک پہلو کے متعلق تفصیلی ضابطے اور قوانین بتائے، بلکہ وہ ہر اس شعبہ زندگی کا حدود اربعہ بتا دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مرضی کے مطابق ان شعبوں کی تشکیل و تعمیر کن خطوط پر ہونی چاہیے۔ ان ہدایات کے مطابق عملاً اسلامی زندگی کی صورت گری کرنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کام تھا۔ انہیں معمور ہی اس لیے کیا گیا تھا کہ دنیا کو اس انفرادی سیرت و کردار اور اس معاشرے اور ریاست کا نمونہ دکھا دیں جو قرآن کے دیے ہوئے اصولوں کی عملی تعبیر و تفسیر ہو۔

**The Quran, to put it succinctly, is a Book of broad general principles rather than of legal minutiae. The Book's main aim is to expound, clearly and adequately, the intellectual and moral foundations of the Islamic program for life. It seeks to consolidate these by appealing both to man's mind and to his heart. Its method of guidance for practical Islamic life does not consist of laying down minutely detailed laws and regulations. It prefers to outline the basic framework for each aspect of human activity, and to lay down certain guidelines within which man can order his life in keeping with the Will of Allah. The mission of the Prophet was to give practical shape to the Islamic vision of the good life, by offering the world a model of an individual character and of a human state and society, as living embodiments of the principles of the Quran.**

The Quran is strong in the condemnation of those who indulge in schismatic squabbling after the Book of Allah has been revealed, so causing a weakening of faith; (See Quran 98:4, 3:105, 42:14) yet there has been considerable disagreement over the correct interpretation of the Quranic injunctions, not only among the later scholars, but even among the founders of the legal schools and Successors (The word Successors has been used as the equivalent of Tabeun, i.e. those who benefited from the companions of the Prophet). Indeed, disagreement can be traced back even to the times of the companions of the Prophet (The word companions has been used as an equivalent of Sahabah, i.e. those, who in state of belief, enjoyed the companionship of the Prophet (peace be upon him). One can hardly point to a single Quranic verse of legal import which has received complete unanimity as regards to its interpretation. One is bound to ask whether the Quranic condemnation applies to all who have disagreed in this way. If it does not, then what kind of schism and disagreement does the Quran denounce?

ایک اور سوال جو بالعموم لوگوں کے ذہن میں کھٹکتا ہے وہ یہ ہے کہ ایک طرف تو قرآن ان لوگوں کی انتہائی مذمت کرتا ہے جو کتاب اللہ کے آجانے کے بعد تفرقے اور اختلاف میں پڑ جاتے ہیں اور اپنے دین کے ٹکڑے کر ڈالتے ہیں، اور دُوسری طرف قرآن کے احکام کی تعبیر و تفسیر میں صرف متاخرین ہی نہیں، ائمہؒ اور تابعین اور خود صحابہ تک کے درمیان اتنے اختلافات پائے جاتے ہیں کہ شاید کوئی ایک بھی احکامی آیت ایسی نہ ملے گی جس کی ایک تفسیر بالکل متفق علیہ ہو۔ کیا یہ سب لوگ اس مذمت کے مصداق ہیں جو قرآن میں وارد ہوئی ہیں؟ اگر نہیں تو پھر وہ کون سا تفرقہ واختلاف ہے جس سے قرآن منع کرتا ہے؟

This is quite a problem and its ramifications cannot be

considered at length here. The reader may rest assured that the Quran is not opposed to differences of opinion within the framework of a general agreement on the fundamentals of Islam and broad unity of Islamic community. In addition it is not opposed to disagreement arising from an earnest endeavor to arrive at the right conclusions on a particular subject; the only disagreements condemned by the Quran are those arising out of egotism and perversity, leading to mutual strife and hostility.

یہ ایک نہایت وسیع الاطراف مسئلہ ہے جس پر مفصل بحث کرنے کا یہ موقع نہیں ہے۔ یہاں قرآن کے ایک عامی طالب علم کی الجھن دُور کرنے کے لیے صرف اتنا اشارہ کافی ہے کہ قرآن اس صحت بخش اختلاف رائے کا مخالف نہیں جو دین میں متفق اور اسلامی نظام جماعت متحد رہتے ہوئے محض احکام و قوانین کی تعبیر میں مخلصانہ تحقیق کی بنا پر کیا جائے، بلکہ وہ مذمت اُس اختلاف کی کرتا ہے جو نفسانیت اور کج نگاہی سے شروع ہوا اور فرقہ بندی و نزاعِ باہمی تک نوبت پہنچا دے۔

The two sorts of disagreements are different in character and give rise to different results. The first kind is a stimulus to improvement and the very soul of a healthy society. Differences of this kind are found in every society whose members are endowed with intelligence and reason. Their existence is a sign of life, while their absence serves only to demonstrate that a society is made up not of intelligent men and women but rather of blocks of wood. Disagreements of the second kind, however, are of altogether different character and lead to ruin and destruction of the people among whom they arise. Far from being a sign of health, their emergence is symptomatic of a grave sickness.

یہ دونوں قسم کے اختلاف نہ اپنی حقیقت میں یکساں ہیں اور نہ اپنے نتائج میں ایک دُوسرے سے کوئی

مشابہت رکھتے ہیں کہ دونوں کو ایک ہی لکڑی سے ہانک دیا جائے۔ پہلی قسم کا اختلاف تو ترقی کی جان اور زندگی کی روح ہے۔ وہ ہر اس سوسائٹی میں پایا جائے گا جو عقل و فکر رکھنے والے لوگوں پر مشتمل ہو۔ اس کا پایا جانا زندگی کی علامت ہے اور اس سے خالی صرف وہی سوسائٹی ہو سکتی ہے جو ذہین انسانوں سے نہیں بلکہ لکڑی کے کندوں سے مرکب ہو۔ رہا دوسری قسم کا اختلاف، تو ایک دنیا جانتی ہے کہ اس نے جس گروہ میں بھی سر اٹھایا اس کو پراگندہ کر کے چھوڑا۔ اس کا رونما ہونا صحت کی نہیں بلکہ مرض کی علامت ہے، اور اس کے نتائج کبھی کسی امت کے حق میں بھی مفید نہیں ہو سکتے۔ ان دونوں قسم کے اختلافات کا فرق واضح طور پر یوں سمجھیے کہ:

**The first kind of disagreement exists only among scholars who are all agreed that it is their duty to obey Allah and His Prophet. They also agree that the Quran and the Sunnah are their main sources of guidance. Thus, when scholarly investigation on some subsidiary question leads two or more scholars to disagree, the disagreement is not upon fundamentals of faith; or when two judges disagree in their judgment, the disagreement is not on questions on which their opinion has been expressed. They do not accuse those who disagree with their opinion of having left the fold of true faith. What each does is rather to proffer his arguments showing that he has done his best to investigate the matter thoroughly. It is then left to the courts (in judicial matters) and to public opinion (if the matter relates to the community at large) either to prefer whichever opinions seems sounder, or to accept both opinions as equally permissible.**

ایک صورت تو وہ ہے جس میں خدا اور رسول کی اطاعت پر جماعت کے سب لوگ متفق ہوں، احکام کا ماخذ بھی بالاتفاق قرآن اور سنت کو مانا جائے، اور پھر دو عالم کسی جزوی مسئلے کی تحقیق میں، یا دو قاضی کسی مقدمے

کے فیصلے میں ایک دوسرے سے اختلاف کریں، مگر ان میں سے کوئی بھی نہ تو اس مسئلے کو اور اس میں اپنی رائے کو مدار دین بنائے اور نہ اس سے اختلاف کرنے والے کو دین سے خارج قرار دے، بلکہ دونوں اپنے اپنے دلائل دے کر اپنی حد تک تحقیق کا حق ادا کردیں، اور یہ بات رائے عام پر، یا اگر عدالتی مسئلہ ہو تو ملک کی آخری عدالت پر، یا اگر اجتماعی معاملہ ہو تو نظامِ جماعت پر چھوڑ دیں کہ وہ دونوں رایوں میں سے جس کو چاہیں قبول کریں، یا دونوں کو جائز رکھیں۔

**Schism occurs when the very fundamentals are made a matter of dispute and controversy. It may also happen that some scholar, mystic, mufti, or leader ponders and weighs in on a question to which Allah and His Messenger have not attached any fundamental importance, exaggerating the significance of the question to such extent that it is transformed into a basic issue of faith. Such people usually go one step further, declaring all those who disagree with their opinion to have forsaken the true faith and set themselves outside the community of true believers. They may go even so far as to organize those who agree with them into a sect, claiming that sect to be identical with the Islamic community, and declaring that everyone who does not belong to it is destined to hell-fire.**

دُوسری صورت یہ ہے کہ اختلاف سرے ہی سے دین کی بنیادوں میں کر ڈالا جائے، یا یہ کہ کوئی عالم یا مفتی یا صوفی مسئلہ متکلم یا لیڈر ہے کسی ایسے مسئلے میں جس سے کو خدا اور رسول نے دین کا بنیادی مسئلہ قرار نہیں دیا ایک رائے اختیار کرے اور خواہ مخواہ کھینچ تان کر اس کو دین کا بنیادی مسئلہ بنا ڈالے، اور پھر جو اس سے اختلاف کرے اور اس کو خارج دین وملت قرار دے، اور اپنے حامیوں کا ایک جتھا بنا کر کہے کہ اصل اُمت مسلمہ بس یہ ہے، اور ہانک پکار کر کہے کہ مسلم ہے تو بس اس جتھے میں آجا ورنہ تو مسلم نہیں ہے۔

**Whenever the Quran denounces schismatic disagreements**

**and sectarianism, its aim is to denounce this later kind of disagreement. As for disagreements of the first category, we encounter several examples of these even during the life of the Prophet (peace be upon him). The Prophet (peace be upon him) not only accepted the validity of such disagreements, he even expressed his approval of them. For this kind of disagreement shows that the community is not lacking in capacity for thought, for inquiry and investigation, for grasping or wrestling with the problems it faces. It also shows that the intelligent members of the community are earnestly concerned about their religion and how to apply its injunctions to practical problems of human life. It shows too that their intellectual capacities operate within the broad framework of their religion, rather than searching beyond its boundaries for solutions to their problems. And it proves that the community is following the golden path of moderation. Such moderation preserves its unity by broad agreement on fundamentals, and at the same time, provide its scholars and thinkers with full freedom of inquiry so that they may achieve fresh insights and new interpretations within the framework of the fundamental principles of Islam.**

قرآن نے جہاں کہیں بھی اختلاف اور فرقہ بندی کی مخالفت کی ہے اس سے اس کی مراد یہ دوسری قسم کا اختلاف ہی ہے۔ رہا پہلی قسم کا اختلاف، تو اس کی متعدد مثالیں خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش آچکی تھیں، اور یہ اختلاف اس بات کا پتہ دیتا ہے صرف کہ یہی نہیں جماعت کہ میں اس کو غور و جائز فکر اور رکھا، بلکہ تحقیق و تجسس اور تحسین بھی فرمائی۔ صلاحیتیں ان میں موجود ہیں، اور جماعت کے ذہین لوگوں کو اپنے دین سے اور اس کے احکام سے دلچسپی ہے، اور ان کی ذہانتیں اپنے مسائل زندگی کا حل دین کے باہر

نہیں بلکہ اس کے اندر ہی تلاش کرتی ہیں، اور جماعت بحیثیت مجموعی اس زرین قاعدے پر عامل ہے کہ اصول میں متفق رہ کر اپنی وحدت برقرار رکھے اور پھر اپنے اہل علم و فکر کو صحیح حدود کے اندر تحقیق و اجتہا د کی آزادی دے کر ترقی کے مواقع بھی باقی رکھے۔ هٰذا ما عندی و العلم عند الله، علیہ توکلت والیہ انیب۔

## Suggestions for Study

**The Quran is a book to which innumerable people turn for innumerable purposes. It is difficult to offer advice appropriate to all. The readers to whom this work is addressed are those who are concerned to acquire a serious understanding of the Book, and who seek the guidance it has to offer in relation to the various problems of life. For such people we have a few suggestions to make, and we shall offer some explanations in the hope of facilitating their study of Quran.**

قرآن ایک ایسی کتاب ہے جس کی طرف دنیا میں بے شمار انسان بے شمار مقاصد لے کر رجوع کرتے ہیں ۔ ان سب کی ضروریات اور اغراض کو پیشِ نظر رکھ کر کوئی مشورہ دینا آدمی کے لیے ممکن نہیں ہے۔ طالبوں کے اس ہجوم میں مجھ کو صرف ان لوگوں سے دلچپی ہے جو اس کو سمجھنا چاہتے ہیں اور یہ معلوم کرنے کے خواہشمند ہیں کہ یہ کتاب انسان کے مسائل زندگی میں اس کی کیا رہنمائی کرتی ہے۔ ایسے لوگوں کو میں یہاں طریق مطالعہ قرآن کے بارے میں کچھ مشورے دوں گا اور کچھ ان مشکلات کو حل کرنے کی کوشش کروں گا جو بالعموم انسان کو اس معاملہ میں پیش آتی ہیں۔

**Anyone who really wants to understand the Quran irrespective of whether or not he believes in it, must divest his mind, as far as possible, of every preconceived notion, bias or prejudice, in order to embark upon his study with an open mind. Anyone who begins to study the Quran with a set of preconceived ideas is likely to read those very ideas into the Book. No Book can be profitably studied with this**

kind of attitude, let alone the Quran which refuses to open its treasure-house to such readers.

کوئی شخص چاہے قرآن پر ایمان رکھتا ہو یا نہ رکھتا ہو، بہر حال اگر وہ اس کتاب کو فی الواقع سمجھنا چاہتا ہے تو اوّلیں کام اسے یہ کرنا چاہیے کہ اپنے ذہن کو پہلے سے قائم کیے ہوئے تصوّرات سے، اور موافقانہ یا مخالفانہ اغراض سے جس حدتک ممکن ہو خالی کرے اور سمجھنے کا خالص مقصد لے کر کھلے دل سے اس کو پڑھنا شروع کرے۔ جو لوگ چند مخصوص قسم کے خیالات ذہن میں لے کر اس کتاب کو پڑھتے ہیں وہ اسکی سطروں کے درمیان اپنے ہی خیالات پڑھتے چلے جاتے ہیں، قرآن کی اُن کو ہوا بھی نہیں لگنے پاتی۔ یہ طریق مطالعہ کسی کتاب کو پڑھنے کے لیے بھی صحیح نہیں ہے، مگر خصوصیت کے ساتھ قرآن تو اس طرز کے پڑھنے والوں کے لیے اپنے معانی کے دروازے کھولتا ہی نہیں۔

For those who want only a superficial acquaintance with the doctrines of the Quran, one reading is perhaps sufficient. For those who want to fathom its depths several readings are not enough. These people need to study the Quran over and over again, taking notes of everything that strikes them as significant. Those who are willing to study the Quran in this manner should do so at least twice to begin with, so as to obtain a broad grasp of the system of beliefs and practical prescriptions that it offers. In this preliminary survey, they should try to gain an overall perspective of the Quran and to grasp the basic ideas which it expounds, and the system of life it seeks to build on the basis of these ideas. If, during the course of this study, anything agitates the mind of the reader, he should note down the point concerned and patiently persevere with his study. He is likely to find that, as he proceeds, the difficulties are resolved (when a problem has been solved, it

**is advisable to note down the solution alongside the problem). Experience suggests that any problem still unsolved after a first reading of the Quran are likely to be resolved by a careful second reading. Only after acquiring a total perspective of the Quran should a more detailed study be attempted. Again the reader is well advised to keep noting down the various aspects of the Quran's teachings. For instance, he should note the human model the Quran extols as praiseworthy, and the model it denounces. It might be helpful to make two columns, one titled as praiseworthy qualities, the other titled as blameworthy qualities, and then to enter into the respective columns all that is found relevant in the Quran.**

پھر جو شخص محض سرسری سی واقفیت بہم پہنچانا چاہتا ہو، اس کے لیے تو شاید ایک دفعہ پڑھ لینا کافی ہو جائے ، لیکن جو اس کی گہرائیوں میں اترنا چاہے اس کے لیے دوچار دفعہ کا پڑھنا بھی کافی نہیں ہوسکتا۔ اس کو بار بار پڑھنا چاہیے، ہر مرتبہ ایک خاص ڈھنگ سے پڑھنا چاہیے، اور ایک طالب علم کی طرح پنسل اور کاپی ساتھ لے کر بیٹھنا چاہیے تاکہ ضروری نکات نوٹ کرتا جائے۔ اس طرح جو لوگ پڑھنے پر آمادہ ہوں,ان کو کم از کم دو مرتبہ پورے قرآن کو صرف اس غرض کے لیے پڑھنا چاہیے کہ ان کے سامنے بحیثیت مجموعی وہ پورا نظام فکر وعمل آجائے جسے یہ کتاب پیش کرنا چاہتی ہے۔ اس ابتدائی مطالعہ کے دوران میں وہ قرآن کے پورے منظر پر ایک جامع نظر حاصل کرنے کی کوشش کریں اور یہ دیکھتے جائیں کہ یہ کتاب کیا بنیادی تصوّرات پیش کرتی ہے اور پھر ان تصوّرات پر کس قسم کا نظام زندگی تعمیر کرتی ہے۔ اس اثنا میں اگر کسی مقام پر کوئی سوال ذہن میں کھٹکے تو اس پر وہیں اُسی وقت کوئی فیصلہ نہ کر بیٹھیں بلکہ اسے نوٹ کر لیں اور صبر کے ساتھ آگے مطالعہ جاری رکھیں۔ اغلب یہ ہے کہ آگے کہیں نہ کہیں انہیں اس کا جواب مل جائے گا۔ اگر جواب مل جائے تو اپنے سوال کے ساتھ اسے نوٹ کر لیں۔ لیکن اگر پہلے مطالعہ کے دَوران میں انہیں اپنے کسی سوال کا جواب نہ ملے تو صبر کے ساتھ دُوسری بار پڑھیں۔ میں اپنے تجربے کی بنا پر یہ کہتا ہوں کہ دوسری بار کے غائر

مطالعہ میں شاذونادر ہی کوئی سوال جواب طلب باقی رہ جاتا ہے۔

اِس طرح قرآن پر ایک جامع نظر حاصل کر لینے کے بعد تفصیلی مطالعہ کی ابتدا کرنی چاہیے۔ اس سلسلے میں ناظر کو تعلیمات قرآن کا ایک ایک پہلو ذہن نشین کر کے نوٹ کرتے جانا چاہیے۔ مثلاً وہ اس بات کو سمجھنے کی کوشش کرے کہ انسانیت کا کونسا نمونہ ہے جسے قرآن پسندیدہ قرار دیتا ہے اور کس نمونے کے انسان اس کے نزدیک مبغوض و مردود ہیں۔ اس مضمون کو اچھی طرح اپنی گرفت میں لانے کے لیے اس کو چاہیے کہ اپنی کاپی پر ایک طرف "پسندیدہ انسان" اور دوسری طرف "ناپسندیدہ انسان" کی خوصیات آمنے سامنے نوٹ کرتا چلا جائے۔

To take another instance, the reader might proceed to investigate the Quranic point of view on what is conducive to human success and felicity, as against what leads to man's ultimate failure and perdition. An efficient way to carry out this investigation would be to note under separate headings, such as conductive to success and conductive to failure, any relevant material encountered. In the same way, the reader should take down the notes about the Quranic teachings on the questions of beliefs, morals, man's rights and obligations, family life and collective behavior, economic and political life, law and social organization, war and peace, and so on. Then he should use these various teachings to try to develop an image of the Quranic teachings vis-a-vis each particular aspect of human life. This should be followed by an attempt at integrating these images so that he comes to grasp the total scheme of life envisaged by the Quran.

یا مثلاً وہ یہ معلوم کرنے کی کوشش کرے کہ قرآن کے نزدیک انسان کی فلاح ونجات کا مدار کن اُمور پر ہے، اور کیا چیزیں ہیں جن کو وہ انسان کے لیے نقصان اور ہلاکت اور بربادی کا موجب قرار دیتا ہے۔ اس مضمون

کو بھی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ جاننے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ آدمی اپنی کاپی پر موجبات فلاح اور موجبات خسران کے دو عنوانات ایک دوسرے کے مقابل قائم کر لے اور مطالعہ قرآن کے دوران دونوں قسم کی چیزوں کو نوٹ کرتا جائے۔ علیٰ ھٰذا القیاس عقائد اخلاق حقوق فرائض معاشرت تمدّن معیشت سیاست قانون نظم جماعت، صلح، جنگ اور دوسرے مسائل زندگی میں سے ایک ایک کے متعلق قرآن کی ہدایات کو آدمی نوٹ کرتا چلا جائے، اور یہ سمجھنے کی کوشش کرے کہ ان میں سے ہر ہر شعبے کی مجموعی شکل کیا بنتی ہے اور پھر ان سب کو ملا کر جوڑ دینے سے پورا نقشہ زندگی کس قسم کا بنتا ہے۔

**Moreover, anyone wishing to study in depth the Quranic view-point on any particular problem of life should, first of all, study all the significant strands of human thought concerning the problem. Ancient and modern works on the subject should be studied. Unresolved problems where human thinking seems to have gotten stuck should be noted. The Quran should then be studied with these unresolved problems in mind, with a view to finding the solutions the Quran has to offer. Personal experience again suggests that anyone who studies the Quran in this manner will find his problems solved with the help of verses which he may have read scores of times without it ever crossing his mind that they could have any relevance to the problems at hand. It should be remembered, nevertheless, that full appreciation of the spirit of the Quran demands practical involvement with the struggle to fulfill its mission.**

پھر جب آدمی کسی خاص مسئلہ زندگی کے بارے میں تحقیق کرنا چاہے کہ قرآن کا نقطہ نظر اس کے متعلق کیا ہے، تو اس کے لیے عمدہ طریقہ یہ ہے کہ پہلے وہ اس مسئلے کے متعلق قدیم و جدید لٹریچر کا گہرا مطالعہ کر کے واضح طور پر یہ معلوم کر لے کہ اس مسئلے کے بنیادی نکات کیا ہیں انسان نے اب تک اس پر کیا سوچا اور سمجھا

ہے، کیا اموراس میں تصفیہ طلب ہیں، اور کہاں جاکر انسانی فکر کی گاڑی اٹک جاتی ہے۔ اس کے بعدانہی تصفیہ طلب مسائل کونگاہ میں رکھ کر آدمی کو قرآن کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ میرا تجربہ ہے کہ اس طرح جب آدمی کسی مسئلے کی تحقیق کے لیے قرآن پڑھنے بیٹھتا ہے تو اسے ایسی ایسی آیتوں میں اپنے سوالات کا جواب ملتا ہے جنہیں وہ اس سے پہلے بیسیوں مرتبہ پڑھ چکا ہوتا ہے اور کبھی اس کے حاشیہ خیال میں بھی یہ بات نہیں آتی کہ یہاں یہ مضمون بھی چھپا ہوا ہے۔ لیکن فہم قرآن کی ان ساری تدبیروں کے باوجود آدمی قرآن کی روح سے پوری طرح آشنا نہیں ہونے پاتا جب تک کہ عملاً وہ کام نہ کرے جس کے لیے قرآن آیا ہے۔

**The Quran is neither a book of abstract theories and cold doctrines which the reader can grasp while seated in a cozy armchair, nor is it merely a religious book like other religious books, the secrets of which can be grasped in seminaries and oratories. On the contrary, it is the blueprint and guidebook of a message, of a mission, of a movement. As soon as this Book was revealed, it drove a quiet, kind-hearted man from his isolation and seclusion, and placed him in a battlefield of life to challenge a world that had gone astray. It inspired him to raise his voice against falsehood, and pitted him in a grim struggle against the stand-bearers of unbelief, of disobedience to Allah, of waywardness and error. One after the other, it sought out everyone who had a pure and noble soul, mustering them together under the standard of the Messenger (peace be upon him). It also infuriated all those who by their nature were bent on all mischief and drove them to wage war against the bearers of truth.**

یہ محض نظریات اور خیالات کی کتاب نہیں ہے کہ آپ آرام دہ کرسی پر بیٹھ کر اسے پڑھیں اور اس کی ساری باتیں سمجھ جائیں۔ یہ دنیا کے عام تصوّر مذہب کے مطابق ایک نئی مذہبی کتاب بھی نہیں ہے کہ مدرسے اور

خانقاہ میں اس کے سارے رموز حل کر لیے جائیں۔ جیسا کہ اس مقدمے کے آغاز میں بتایا جا چکا ہے، یہ ایک دعوت اور تحریک کی کتاب ہے۔ اس نے آتے ہی ایک خاموش طبع اور نیک نہاد انسان کو گوشہ عزلت سے نکال کر خدا سے پھری ہوئی دنیا کے مقابلے میں لا کھڑا کیا۔ باطل کے خلاف اس سے آواز اٹھوائی اور وقت کے علمبرداران کفر و فسق و ضلالت سے اس کو لڑا دیا۔ گھر گھر سے ایک ایک سعید روح اور پاکیزہ نفس کو کھینچ کھینچ کر لائی اور داعی حق کے جھنڈے تلے ان سب کو اکٹھا کیا۔ گوشے گوشے سے ایک ایک فتنہ جو اور فساد پرور کو بھڑکا کر اٹھایا اور حامیان حق سے ان کی جنگ کروائی۔

**This is the Book which inspired and directed the great movement which began with the preaching of a message by an individual, and continued for no fewer than twenty three years, until the Kingdom of Allah was truly established on earth. In this long and heart-rending struggle between the truth and falsehood, this Book unfailingly guided its followers to the eradication of the latter and the consolidation and enthronement of the former. How then could one expect to get to the heart of Quranic verses, without so much as stepping upon the field of battle between faith and unbelief, between Islam and ignorance?**

ایک فرد واحد کی پکار سے اپنا کام شروع کر کے خلافتِ الٰہیہ کے قیام تک پورے تئیس سال یہی کتاب اس عظیم الشان تحریک کی رہنمائی کرتی رہی، اور حق و باطل کی اس طویل و جاں گسل کشمکش کے دوران میں ایک ایک منزل اور ایک ایک مرحلے پر اسی نے تخریب کے ڈھنگ اور تعمیر کے نقشے بتائے۔ اب بھلا یہ کیسے ممکن ہے کہ آپ سرے سے نزاع کفر و دین اور معرکہ ء اسلام و جاہلیت کے میدان میں قدم ہی نہ رکھیں اور اس کشمکش کی کسی منزل سے گزرنے کا آپ کو اتفاق ہی نہ ہوا ہو اور پھر محض قرآن کے الفاظ پڑھ پڑھ کر اس کی ساری حقیقت آپ کے سامنے بے نقاب ہو جائے۔

**To appreciate the Quran fully one must take it up and launch into the task of calling people to Allah, making it**

one's guide at every stage. Then, and only then, does one meet the various experiences encountered at the time of its revelation. One experiences the initial rejection of the message of Islam by the city of Makkah, the persistent hostility leading to the quest for a haven of refuge in Abyssinia, and the attempt to win a favorable response from Taaif which led, instead, to cruel persecution of the bearer of the Quranic message. One experiences also the campaigns of Badr, of Uhad, of Hunayn and of Tabuk. One comes face to face with Abu Jahl and Abu Lahab, with hypocrites and Jews, with those who instantly respond to this call as well as those who, lacking clarity of perception and moral strength, were drawn into Islam only at a later stage.

اسے تو پوری طرح آپ اُسی وقت سمجھ سکتے ہیں جب اسے لے کر اُٹھیں اور دعوت الی اللہ کا کام شروع کریں اور جس جس طرح یہ کتاب ہدایت دیتی جائے اُس طرح قدم اٹھاتے چلے جائیں۔ تب وہ سارے تجربات آپ کو پیش آئیں گے جو نزول قرآن کے وقت پیش آئے تھے۔ مکے اور حبش اور طائف کی منزلیں بھی آپ دیکھیں گے اور بدر واحد سے لے کر حنین اور تبوک تک کے مراحل بھی آپ کے سامنے آئیں گے۔ ابوجہل اور ابولھب سے بھی آپ کو واسطہ پڑے گا، منافقین اور یہود بھی آپ کو ملیں گے، اور سابقین اولین سے لے کر مؤلفت القلوب تک سبھی طرح کے انسانی نمونے آپ دیکھ بھی لیں گے اور برت بھی لیں گے۔

This will be an experience different from any so-called mystic experience. I designate it the Quranic mystic experience. One of the characteristics of this experience is that at each stage one almost automatically finds certain Quranic verses to guide one, since they were revealed at

similar stage and therefore contain the guidance appropriate to it.

A person engaged in this struggle may not grasp all the linguistic and grammatical subtleties, he may also miss certain finer points in the rhetoric and semantics of the Quran, yet it is impossible for the Quran to fail to reveal its true spirit to him. Again, in keeping with the same principle, a man can neither understand the laws, the moral teachings, and the economic and political principles which the Quran embodies, nor appreciate the full import of the Quranic laws and regulations, unless he tries to implement them in his own life. Hence the individual who fails to translate the Quranic precepts into personal practice will fail to understand the Book. The same must be said of any nation that allows the institutions of its collective life to run contrary to the teachings of Quran.

یہ ایک اور ہی قسم کا سلوک ہے، جس کو میں سلوک قرآنی کہتا ہوں۔ اس سلوک کی شان یہ ہے کہ اس کی جس جس منزل سے آپ گزرتے جائیں گے، قرآن کی کچھ آیتیں اور سورتیں خود سامنے آ کر آپ کو بتاتی چلی جائیں گی کہ وہ اسی منزل میں اتری تھیں اور یہ ہدایت لے کر آئی تھیں۔ اس وقت یہ تو ممکن ہے کہ لغت اور نحو اور معانی اور بیان کے کچھ نکات سالک کی نگاہ سے اوجھل رہ جائیں، لیکن یہ ممکن نہیں ہے کہ قرآن اپنی روح کو اس کے سامنے بے نقاب کرنے سے بخل برت جائے۔

پھر اسی کلیہ کے مطابق قرآن کے احکام، اس کی اخلاقی تعلیمات، اس کی معاشی اور تمدّنی ہدایات، اور زندگی کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں اس کے بتائے ہوئے اصول و قوانین آدمی کی سمجھ میں اس وقت تک آ ہی نہیں سکتے جب تک کہ وہ عملاً ان کو برت کر نہ دیکھے۔ نہ وہ فرد اس کتاب کو سمجھ سکتا ہے جس نے اپنی انفرادی زندگی کو اس کی پیروی سے آزاد رکھا ہوا ور نہ وہ قوم اس سے آشنا ہو سکتی ہے جس کے سارے ہی

اجتماعی ادارے اس کی بنائی ہوئی روش کے خلاف چل رہے ہوں۔

**It is not intended here to survey all the questions that may arise in the mind of a student of Quran. Many questions relate to the specific Surahs or verses, and are explained in the notes to these in various commentaries. This introduction confines itself to basic questions related to the understanding of the Quran as a whole.**

اس مقدمے میں تمام اُن مسائل کا استقصاء کرنا میرے پیشِ نظر نہیں ہے جو مطالعہ قرآن کے دوران میں ایک ناظر کے ذہن میں پیدا ہوتے ہیں۔ اس لیے کہ ان سوالات کا بیشتر حصہ ایسا ہے جو کسی نہ کسی آیت یا سورۃ کے سامنے آنے پر ذہن کو کھٹکتا ہے، اور اس کا جواب تفہیم القرآن میں برسرموقع دے دیا گیا ہے۔ لہٰذا ایسے سوالات کو چھوڑکر میں نے یہاں صرف اُن جامع مسائل سے بحث کی ہے جو بحیثیت مجموعی پورے قرآن سے تعلق رکھتے ہیں۔ ناظرین کرام سے میری درخواست ہے کہ صرف اس مقدمے کو دیکھ کر ہی اس کے تشنہ ہونے کا فیصلہ نہ کر دیں، بلکہ پوری کتاب کو دیکھنے کے بعد اگر ان کے ذہن میں کچھ سوالات جواب طلب باقی رہ جائیں، یا کسی سوال کے جواب کو وہ ناکافی پائیں تو مجھے اس سے مطلع فرمائیں۔

## A Brief Life History of Syed Abul Aala Maududi

**Syed Abul Aala Maududi (September 25, 1903 - September 22, 1979), also known as Molana (Maulana) or Shaikh Syed Abul Aala Maududi, was a Sunni Pakistani journalist, theologian, Muslim-revivalist leader and political philosopher, and a major 20th century Islamic thinker. He was also a prominent political figure in his home country (Pakistan). He was also the founder of Jamaat-e-Islami the Islamic revivalist party.**

### Early life

**Syed Maududi was one of the descendants of Khwaja Qutb ad-din Maudud al-Chishti, a notable of the *Chishtiyya Tariqa*. Muinuddin al-Chishti of Ajmer (Rahmatullahi Alayh) was Qutb ad-din's khaleefa, one of those who were ordered and given permission by him to guide the people who wanted to learn.**

**Syed Abul Aala Maududi was born on September 25, 1903 (Rajab 3, 1321 A.H.) in Aurangabad, then part of the princely state of Hyderabad (presently Maharashtra), India. Syed Abul Aala Maududi was born to Maulana Ahmad Hasan, a lawyer by profession. Syed Abul Aala Maududi was the youngest of his three brothers. His father descended from the Chishti line of saints; in fact his last name was derived from the first member of the Chishti Silsilah i.e. Khawajah Syed Qutb ul-Din Maudood Chishti (d. 527 AH). At an early age, Syed Maududi was given home education. He received religious nurturing at the hands of his father and from a variety of teachers employed by him. He soon moved on to formal education and completed his secondary education from Madrasah Furqaniyah. For his undergraduate studies he joined Darul Uloom, Hyderabad (India). His undergraduate studies, however, were disrupted by the illness and death of his father, and he completed his studies outside of the regular educational institutions. His instruction included very little of the subject matter of a modern school, such as Western education. He reportedly translated Qasim Amin's *The New Woman* into Urdu at the age of 14 and about 3500 pages from *Asfar*, a work of the mystical Persian thinker Mulla**

**Sadra.**

## Journalistic career

**After the interruption of his formal education, Syed Maududi turned to journalism in order to make his living. In 1918, he was already contributing to a leading Urdu newspaper, and in 1920, at the age of 17, he was appointed editor of *Taj*, which was being published from Jabalpore (now Madhya Pradesh). Late in 1920, Maududi went to Delhi and first assumed the editorship of the newspaper *Muslim* (1921-23), and later of *al-Jamiyat* (1925-28), both of which were the organs of the Jamiyat-i *Ulama-i Hind*, an organization of Muslim religious scholars. According to Israr Ahmad he worked for sometime at Darul Islam, an Islamic research academy.**

**In 1941, Syed Maududi founded Jamaat-e-Islami (JI) in British India as a religious political movement to promote Islamic values and practices. After the Partition of India, JI was redefined in 1947 to support an Islamic State in Pakistan. JI is currently the oldest religious party in Pakistan. With the Partition of India, JI split into several groups. The organization headed by Syed Maududi is now known as Jamaat-e-Islami Pakistan. Also existing are Jamaat-e-Islami Hind, Bangladesh Jamaat-e-Islami, and autonomous groups in Indian Kashmir, and Sri Lanka.**

**Syed Maududi was elected Jamaat's first Ameer (President) and remained so until 1972 when he withdrew from the responsibility for reasons of health.**

## Political Struggle

**In the beginning of the struggle for the state of Pakistan, Syed Maududi and his party were against the idea of creating a separate state of Pakistan. He did criticize other leaders of the Muslim league for wanting Pakistan to be a state for Muslims and not an Islamic state. After realizing that India was going to be partitioned and Pakistan created, he began to support the idea. Syed Maududi moved to Pakistan in 1947 and worked to turn it into an Islamic state, resulting in frequent arrests and long periods of incarceration. In 1953, he and the JI led a campaign against the Ahmadiyya community in Pakistan resulting in selective declaration of martial law. He was arrested by the military deployment, which included Rahimuddin Khan, and sentenced to death on the charge of writing a seditious pamphlet about the Ahmadiyya issue. He turned down the opportunity to file a petition for mercy, expressing a preference for death rather than seeking clemency. Strong public pressure ultimately convinced the government to commute his death sentence to life imprisonment. Eventually, his sentence was annulled.**


**Syed Maududi wrote over 120 books and pamphlets and made over a 1000 speeches and press statements. His magnum opus is the *translation* and *Tafseer* of the Quran known as *Tafhimul Quran* in which he intended to give the Quran a practical contemporary interpretation. It became widely read throughout the subcontinent and has been translated into several languages around the globe.**

## Last Days

**In April 1979, Syed Maududi's long-time kidney ailment**

**worsened and by then he also had heart problems. He went to the United States for treatment and was hospitalized in Buffalo, New York, where his second son worked as a physician. During his hospitalization, he remained intellectually active. Following a few surgical operations, he died on September 22, 1979, at the age of 76. His funeral was held in Buffalo, but he was buried in an unmarked grave at his residence in Ichhra, Lahore after a very large funeral procession through the city.**

***May Allah shower His Mercy upon him***



Syed Abul Aala Maududi



Main entrance of the House of Syed Abul Aala Maududi 4-A, Zaildar Park, Ichhra, Lahore



Grave of Syed Abul Aala Maududi